Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 14
اتوار، 24 دسمبر 2023ء، 10 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 20روپے
شمارہ 227

وزیراعلیٰ کے 5 گھنٹوں میں 5 ہسپتالوں کے پے در پے دورے

سروسز ہسپتال، پی آئی سی، میو، لیڈی ولنگڈن اور ڈینٹل ہسپتال کے وزٹ کئے، جلد تکمیل کے لئے ڈیڈ لائن دے دی سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن 31 جنوری تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن، تین شفٹوں میں کام کرنے کا حکم

31 دسمبر تک پی آئی سی ایمرجنسی بلاک کھولنے کا حکم، 15 جنوری تک اپ گریڈیشن کی ڈیڈ لائن بائیوگیس کی تنصیب رات تک مکمل کرنے اور تھرڈ فلور کو 100 فیصد محکمہ تعمیرات ومواصلات کے حوالے کرنے کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب لیڈی ولنگڈن ہسپتال کی تعمیر نو کا معائنہ کر رہے ہیں

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے 5 گھنٹوں میں آج پے در پے 5 ہسپتالوں کے دورے کیے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سروسز ہسپتال، پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، میو ہسپتال، لیڈی ولنگڈن ہسپتال اور پنجاب ڈینٹل ہسپتال کے وزٹ کر کے تعمیر نو اور اپ گریڈیشن کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی پہلے سروسز ہسپتال پہنچے اور اپ گریڈیشن کا جائزہ (بقیہ نمبر 1)

صدر عارف علوی کا پاک فوج کے جوانوں کے لواحقین کو ٹیلی فون

صدر مملکت نے لانس نائیک احسان بادشاہ اور لانس نائیک ساجد کو خراج عقیدت پیش کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شمالی وزیرستان اور بلوچستان میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کے لواحقین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے 22 نومبر کو رزمک، شمالی وزیرستان اور 3 نومبر کو پسنی، بلوچستان میں شہید ہونے والے جوانوں کے ورثاء سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے لانس نائیک احسان بادشاہ اور لانس نائیک ساجد کو خراج عقیدت پیش (بقیہ نمبر 2)

سپریم کورٹ ضرور ہمارا نشان بحال کرے گی

بلے کا نشان واپس لینے کے لیے عدالت سے رجوع کریں گے، امید ہے عدالت انصاف کرے گی، بیرسٹر گوہر خان

راولپنڈی (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ ضرور ہمارا نشان بحال کرے گی۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

اتوار اور کرسمس پر بھی لاہور ہائیکورٹ کھلی رہے گی

کاغذات نامزدگی جمع کرانے میں درپیش مشکلات پر درخواستیں فائل کی جاسکتی ہیں: چیف جسٹس امیر بھٹی کا بڑا فیصلہ

لاہور (سی ایم لنکس) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ محمد امیر بھٹی نے بڑا فیصلہ کیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ، لاہور اور ملتان کی ڈائری برانچ آئندہ دو روز تک کھلی رہے گی۔ لاہور اور ملتان کی ڈائری برانچیں اتوار اور 25 دسمبر کی (بقیہ نمبر 4)

ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے، مرتضیٰ سولنگی

آئین کی تمہید میں لکھا ہے کہ یہ ملک منتخب نمائندے چلائیں گے، انتخابات کی تاریخ دینا یا کسی تبدیلی کا اختیار صرف الیکشن کمیشن کے پاس ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے، آئین کی تمہید میں لکھا ہے کہ یہ ملک اس کے منتخب نمائندے (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد انفارمیشن گروپ کے سینئر آفیسر عبدالرشید شاکر آئی ایس اے میں کورس مکمل کرنے پر وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی سے سرٹیفکیٹ حاصل کر رہے ہیں۔ تصویر میں وفاقی سیکرٹری اطلاعات شاہرہ شاہد اور PIO اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل ISA ڈاکٹر طارق محمود بھی نظر آ رہے ہیں۔ عبدالرشید شاکر پریس سیکرٹری وزیراعلیٰ پنجاب تعینات ہیں

سیاسی میدان سے کسی کو بے دخل کرنے کی پالیسی حکومت کی نہیں ہے نگران وزیراعظم

مظاہرہ کرنے کا سب کو حق حاصل ہے

بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری پر ایسی کیا قیامت ٹوٹ پڑی تھی ملک بھر میں جلاؤ گھیراؤ کیا گیا؟، کیا بانی پی ٹی آئی سے قبل پاکستان کا کوئی اور سیاسی رہنما گرفتار نہیں ہوا تھا؟، مظاہرہ کرنے کا حق سب کو حاصل ہے

احتجاج پُرامن ہوگا تو حکومت نہیں روکے گی، اگر امیدواروں کیخلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں تو اس معاملے کو دیکھیں گے، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے استفسار کیا ہے کہ بانی تحریک انصاف کی گرفتاری پر ایسی کیا قیامت ٹوٹ پڑی تھی کہ ملک بھر میں جلاؤ گھیراؤ کیا گیا؟، کیا بانی پی ٹی آئی سے قبل پاکستان کا کوئی اور سیاسی رہنما گرفتار نہیں ہوا تھا؟، مظاہرہ کرنے کا حق سب کو حاصل ہے، احتجاج پُرامن ہوگا تو حکومت نہیں روکے گی، اگر امیدواروں کیخلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں تو اس معاملے کو دیکھیں گے۔ جی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو (بقیہ نمبر 9)

انسانی اور خواتین کے حقوق میں پیشرفت کے 100 روزہ پلان میں بے مثال اقدامات شامل ہیں، مشعال ملک

لانچنگ تقریب کا انعقاد انفوکام کے تعاون سے کیا گیا تھا، جو خواتین کو بااختیار بنانے اور مالی شمولیت پر اپنے کام کے لیے معروف ہے

امید ہے تمام اسٹیک ہولڈرز پاکستان میں انسانی حقوق کو آگے بڑھانے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے خواب کی تعبیر میں فعال کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے کہا ہے کہ انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے کے اصول ہماری مذہبی، ثقافتی، سماجی اور سیاسی اقدار میں پیوست ہیں۔ وہ گورنر ہاؤس لاہور میں منعقدہ ”نگران حکومت کی طرف سے 100 دن کے پلان پر عملدرآمد اور کامیابیوں“ کی افتتاحی تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 6)

کرسمس محبت، قربانی اور امن کا پیغام دیتا ہے: معاون خصوصی

تمام مذاہب کے لوگوں کو متحد کر کے عالمی امن قائم کیا جاسکتا ہے: مشعال ملک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں، مشعال حسین ملک نے اس بات پر زور دیا ہے کہ حقیقی عالمی امن مختلف مذاہب کے لوگوں کے اتحاد سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ نظریہ پاکستان کونسل کے زیر اہتمام کرسمس کیک کاٹنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے مختلف مذہبی پس منظر (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی میو ہسپتال میں اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

جب مرضی معصوم جب مرضی لاڈلا بنا دو، مریم اورنگزیب

2018 میں لاڈلہ کہہ کر مسلط کیا گیا اب معصوم کہہ کر مسلط کیا جا رہا ہے، بہت تماشہ ہو گیا، اب عوام جاگ رہے ہیں

تم معیشت تباہ کر دو، لوگوں کا روزگار چھین لو، خارجہ پالیسی، قومی سلامتی کو داؤ پر لگا دو، جناح ہاؤس جلا دو لیکن تم پھر بھی معصوم ہو، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ 2018 میں لاڈلہ کہہ کر مسلط کیا گیا اور اب معصوم کہہ کر مسلط کیا جا رہا ہے لیکن یہ تماشہ بہت ہو گیا ہے اب پاکستان کے عوام جاگ رہے ہیں، لاڈلے اور معصوم کے لئے یہی کام ہوتا ہے جب وہ ہارنے لگتا ہے، پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین نے پہلے کہا میری حکومت کے خلاف (بقیہ نمبر 8)

بانی پی ٹی آئی کے لاہور سے کاغذات نامزدگی جمع

وکیل رائے علی اور عمر طالب نے حلقہ این اے 122 سے کاغذات جمع کروائے

لاہور (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کے کاغذات نامزدگی لاہور کے حلقہ این اے 122 سے بھی جمع کرا دیئے گئے۔ کاغذات نامزدگی بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 10)

ہائی کورٹ، نومبر 2022ء کا ایم ڈی کیٹ رزلٹ دو سال کیلئے درست قرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے نومبر 2022ء کا ایم ڈی کیٹ رزلٹ دو سال کے لیے درست قرار دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے فیصلہ جاری کر دیا۔ پٹیشنر کی طرف سے خلیق الرحمٰن سیفی ایڈووکیٹ نے کیس کی پیروی کی۔ عدالت نے کہا کہ نومبر 2022ء کا ایم ڈی کیٹ رزلٹ نومبر 2024ء تک قابل قبول ہے، پٹیشنر لائبہ روف (بقیہ نمبر 12)

پاکستان کا بھارت میں ٹریڈ آفیسر تعینات نہ کرنے کا فیصلہ

شہباز شریف نے نئی دلی میں ٹریڈ آفیسر تعینات کرنے کی منظوری دی تھی

اسلام آباد (این این آئی) نگراں حکومت نے بھارت میں ٹریڈ آفیسر تعینات نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق بھارت میں ٹریڈ آفیسر تعیناتی کے سابقہ حکومتی پلان پر عملدرآمد روک دیا گیا۔ سابق وزیراعظم شہباز شریف نے نئی دلی (بقیہ نمبر 11)

اسموگ سے پھیلنے والی بیماریوں نے نئے وائرس کی شکل اختیار کر لی

موجودہ وائرس بہت زیادہ پھیلا ہوا، نیا وائرس کووڈ ہوسکتا ہے، لوگ کووڈ کا ٹیسٹ نہیں کروا رہے، وزیر صحت/ نجی ٹی وی

وائرس میں مبتلا روزانہ 30 سے 40 مریض ہسپتالوں اور کلینکس آ رہے ہیں، بچے اور بزرگ نئے وائرس کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں

لاہور (این این آئی) اسموگ سے پھیلنے والی بیماریوں نے ایک نئے وائرس کی شکل اختیار کر لی ہے۔ ماہر امراض سینہ ڈاکٹر عرفان ملک کے مطابق نیا وائرس گھر کے ایک فرد کو ہو تو پورا گھر اس میں مبتلا ہو جاتا ہے، تیز بخار، جسم درد، پیٹ کا خراب ہونا، بلغمی کھانسی اس کی علامات ہیں۔ ڈاکٹر عرفان ملک کے مطابق وائرس میں مبتلا روزانہ 30 سے 40 مریض ہسپتالوں اور کلینکس آ رہے ہیں، بچے اور بزرگ نئے وائرس کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوش قسمتی سے نئے وائرس سے ابھی تک کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔ نجی (بقیہ نمبر 16)

موسم سرما کی تعطیلات کے پہلے ہفتے کا ججز روسٹرم جاری

جسٹس شاہد کریم اور جسٹس محمد رضا قریشی پر مشتمل بینچ سول کیسز کی سماعت کرے گا

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ نے موسم سرما کی تعطیلات کے دوران پہلے ہفتے کا ججز روسٹرم جاری کر دیا۔ موسم سرما کی تعطیلات کے پہلے ہفتے سولہ ججز بطور (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، مسیحی برادری کے زیر اہتمام بین المذاہب ہم آہنگی عشائیہ کے موقع پر آرچ بشپ ڈاکٹر جوزف، حافظ اقبال رضوی و دیگر کا گروپ فوٹو

آڈیو لیکس شیئر کرنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیل طلب

دونوں ڈی جیز آڈیو لیکس کیس میں 19 فروری 2024 کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، عدالت کا تحریری حکم نامہ

رپورٹ کے مطابق آئی ایس آئی کے پاس سوشل میڈیا پر شیئر معلومات کے سورس کا تعین کرنے کی ٹیکنالوجی نہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے آڈیو لیکس کیس میں ڈی جی آئی بی اور ڈی جی ایف آئی اے 19 فروری کو طلب کر لیا۔ ہفتہ کو جسٹس بابر ستار نے 7 صفحات کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالت نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ دونوں ڈی جیز آڈیو لیکس کیس میں 19 فروری 2024 کو ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، اٹارنی جنرل نے بتایا وفاقی حکومت نے کسی انٹیلی جنس ایجنسی (بقیہ نمبر 13)

سیدہ نمرہ فاطمہ گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے ڈگری اور گولڈ میڈل وصول کر رہی ہیں

سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے کرسمس اور یوم قائد کی تقریبات کے لیے جامع ٹریفک پلان کا جاری کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) آئندہ کرسمس کی تقریبات اور یوم قائد کے پیش نظر، سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے ایک جامع ٹریفک پلان جاری کیا ہے جس کا مقصد ٹریفک کی ہموار روانی اور ان خصوصی مواقع کے (بقیہ نمبر 28)

برفباری سیزن کے سلسلے میں ٹریفک انتظامات مکمل

سیاحوں کی سہولت، رہنمائی کے لئے ٹریفک کنٹرول رومز قائم

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی کے احکامات اور سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سی ٹی او راولپنڈی نے مری موسم سرما میں برفباری کے حوالے سے ٹریفک انتظامات مکمل کر لئے۔ ٹریفک پولیس (بقیہ نمبر 29)

سیدہ نمرہ فاطمہ نے بی ایس (آئی آر) میں گولڈ میڈل جیت لیا

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے ڈگری، گولڈ میڈل اور کیش ایوارڈ سے نوازا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) سابق ڈویژنل سپورٹس آفیسر گوجرانوالہ شاہ مظفر فریدی کی صاحبزادی سیدہ نمرہ فاطمہ نے بی ایس انٹرنیشنل ریلیشنز (BS-IR) میں (بقیہ نمبر 17)

ڈاکٹر طارق محمود خان مستقل پرنسپل انفارمیشن آفیسر مقرر

ڈاکٹر طارق محمود خان انفارمیشن گروپ کے سینئر آفیسر اور میڈیا سٹڈیز میں پی ایچ ڈی اور فل برائٹ سکالر ہیں

ان کے پاس وزارت اطلاعات ونشریات کے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کا بطور پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PIO) عارضی چارج تھا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر طارق محمود خان مستقل پرنسپل انفارمیشن آفیسر مقرر کر دیئے گئے۔ ڈاکٹر طارق محمود خان انفارمیشن گروپ کے سینئر آفیسر اور میڈیا سٹڈیز میں پی ایچ ڈی اور فل برائٹ سکالر ہیں، ان کے پاس وزارت اطلاعات ونشریات کے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کا بطور پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PIO) عارضی چارج تھا۔ ڈاکٹر طارق خان فلبرائٹ اسکالر ہیں اور (بقیہ نمبر 22)

وزیراعلیٰ پنجاب میو ہسپتال ایمرجنسی کی اپ گریڈیشن کے معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 12 اشتہاری مجرمان، چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 28 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 30)

توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی نااہلی کے خلاف اپیل واپس

عدالت عظمٰی نے اعتراضات دور کر کے اپیل جمع کروانے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی نااہلی ختم کرنے کے لیے دائر اپیل پر اعتراضات عائد کرتے ہوئے اسے (بقیہ نمبر 18)

پونچھ، بھارتی فوجیوں نے تین شہریوں کو دوران حراست شہید کر دیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی کے دوران ضلع پونچھ میں تین کشمیریوں کو دوران حراست بہیمانہ تشدد کر کے شہید کر دیا۔

اسلام آباد کیپٹل پولیس سی ٹی ڈی کی نیول ہیڈکوارٹرز میں مشترکہ تربیتی مشق

تربیتی مشق میں سی ٹی ڈی نے مشترکہ طور پر کسی بھی ہنگامی صورتحال میں دہشتگرد عناصر سے نمٹنے کا عملی مظاہرہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس سی ٹی ڈی کی نیول ہیڈکوارٹرز میں مشترکہ تربیتی مشق کا انعقاد کیا گیا، تربیتی مشق میں سی ٹی ڈی نے مشترکہ طور پر کسی بھی (بقیہ نمبر 14)

یوم قائداعظم
دسمبر 2023
مقابلہ حسن تقریر برائے طلبا و طالبات
تقریب تقسیم انعامات
گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن یوم قائداعظم کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ایک روز میں 1 لاکھ 73 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس جاری

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کے عمل میں تیزی آ گئی، گزشتہ روز لاہور سمیت صوبہ بھر میں 1 لاکھ 73 ہزار سے زائد شہریوں (بقیہ نمبر 24)

بی آر آئی ممالک کیلئے شنگھائی میں ای کامرس پر نیا ایکشن پلان جاری

سلک روڈ کے مزید ای کامرس قومی پویلین کی نقاب کشائی کی جائے گی

2025 تک 20 سے زائد قومی پویلین اور کموڈٹی سینٹرز قائم ہونے کی توقع ہے

اس اقدام سے پاکستانی تاجروں اور کاروباری افراد کو کتنے مواقع حاصل ہوں گے

شنگھائی (این این آئی) چین میں سلک روڈ ای کامرس کوآپریشن پائلٹ زون سینٹر پڈونگ، شنگھائی میں واقع پاکستانی قومی پویلین کے ڈائریکٹر عقیل احمد چوہدری نے کہا ہے کہ ایک نئے کاروباری ماڈل کے طور پر سلک روڈ ای کامرس عالمی صارفین (بقیہ نمبر 23)

درگاہ لعل شہباز سے سونا اور چاندی چوری کا مرکزی ملزم گرفتار، مقدمہ درج

سیہون (این این آئی) سیہون میں درگاہ لعل شہباز کے توشہ خانے سے سونا اور چاندی چوری کا مقدمہ منیجر اوقاف زبیر احمد بلوچ اور ان کے فرنٹ مین علی گوپانگ کے خلاف درج کر لیا گیا۔ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کے مطابق پولیس نے مرکزی ملزم منیجر اوقاف (بقیہ نمبر 27)

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کا بریک ڈاؤن

پائپ لائن پھٹنے سے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی بند

کراچی (این این آئی) دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کے بریک ڈاؤن کے باعث 72 انچ کی پائپ لائن نمبر 5 پھٹ گئی، جس سے شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی بند ہو گئی۔ لائن متاثر ہونے کی اطلاع ملنے پر واٹر کارپوریشن حکام نے موقع پر پہنچ کر متاثرہ لائن کا معائنہ کیا۔ سی ای او واٹر کارپوریشن نے متاثرہ لائن کی بحالی کا کام ہنگامی (بقیہ نمبر 25)

سائفر کیس کے فیصلے پر بہت سے سوال اٹھتے ہیں، ملک احمد خان

پی ٹی آئی نے دوست ملک پر الزام لگائے، عدالت نے کہہ دیا اس معاملے پر آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا اطلاق نہیں ہوتا

آئین صرف آمر ہی نہیں توڑتے، تحریک انصاف کو بند لفافوں سے بہت رغبت ہے، مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما کی پریس کانفرنس

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری 9ویں ایاز میلے سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک محمد احمد خان نے سائفر کیس کے فیصلے پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ ہم عدالتوں کا بے حد احترام کرتے ہیں لیکن اگر عدالتی فیصلہ صرف ضمانت تک رہتا ہے تب بھی سوال اٹھتا ہے، پی ٹی آئی نے دوست ملک پر الزام لگائے جس سے تعلقات متاثر ہوئے لیکن عدالت نے کہا کہ اس معاملے پر آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا اطلاق نہیں ہوتا، آئین صرف آمر ہی نہیں توڑتے، تحریک انصاف کو بند لفافوں سے بہت رغبت ہے، لفافے میں چاہیے 190 ملین پاؤنڈ کی کرپشن ہو یا یا بند لفافے سے اسمبلی توڑ دیں، جب (بقیہ نمبر 15)

ملکی تاریخ کی سب سے طویل مدتی نگران حکومت بن گئی

انوار الحق کاکڑ کے بطور نگران وزیراعظم 131 دن مکمل ہو گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں موجودہ نگران حکومت ملکی تاریخ کی سب سے طویل مدتی نگران حکومت بن گئی ہے۔ جاری کردہ سرکاری دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ انوار الحق کاکڑ کے بطور نگران وزیراعظم 131 دن مکمل ہو گئے ہیں، اس سے قبل میاں سومرو کی نگران حکومت 130 دن کی تھی۔ اس میں کہا گیا ہے کہ انوار الحق کاکڑ نے (بقیہ نمبر 19)

عام انتخابات، کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا (آج) آخری روز

امیدوار 24 دسمبر تک اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروا سکتے ہیں، نیا شیڈول

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں عام انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے سلسلہ میں سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کی جانب سے دستاویزات جمع کروانے کا (آج) اتوار کو آخری روز ہے۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ تازہ ترین شیڈول کے مطابق امیدوار 24 دسمبر تک اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروا سکتے ہیں۔ واضح رہے (بقیہ نمبر 20)

عمران خان، شاہ محمود قریشی کے وکلا کو سائفر کیس میں ضمانت کے فیصلے کی تصدیق شدہ نقول جاری

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے وکلا کو سائفر کیس میں ضمانت کے فیصلے کی تصدیق شدہ نقول جاری کر دی گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تصدیق شدہ نقل مچلکوں کے ساتھ خصوصی عدالت میں جمع کرائی (بقیہ نمبر 26)

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن کا سکھ کمیونٹی کے وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیاسی قائدین اجتماعی سوچ کو پروان چڑھائیں

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نفرت اور تقسیم کی سیاست عروج پر پہنچ چکی ہے، اب ہمیں اس بخار کو توڑنا ہوگا۔ بلاول بھٹو زرداری نے شیخ ایاز میلے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے شیخ ایاز میلے میں آکر خوشی ہوئی ہے، یہ 9 واں میلہ ہے جو ایک بڑی کامیابی ہے، اگر ہم شاعر، آرٹسٹ اور کلچر کو اجاگر نہ کریں گے تو پاکستان نہیں چل سکے گا، اگر ہمیں جدید ماڈرن ملک بنانا ہے، مسائل اور خطروں کا مقابلہ کرنا ہے اور دنیا کے ساتھ چلنا ہے تو تاریخ اور ثقافت کو اجاگر کرنا ہوگا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ انتہا پسندی کی سوچ کو ایک حد تک روکا گیا ہے، اگر ہر سیاسی جماعت ایک دوسرے کو غدار، کافر کہے گی تو کیسے ملک کو چلائیں گے ،سیاست کا مقصد ذاتی دشمنی نہیں ہونا چاہئے ، پیپلز پارٹی میں صلاحیت ہے سب کو ساتھ لیکر چل سکتی ہے۔ کچھ لوگ چاہتے ہیں تقسیم ،نفرت رہے، ہمیں مل کر تمام خطرات کا مقابلہ کرنا ہے، تقسیم میں نہیں اتحاد میں جیت ہے، اگر نوجوانوں متحد ہو گئے تو تقسیم کی سیاست کرنے والوں کو شکست ہوگی۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بلیم گیم کی سیاست نے ہماری قومی سیاست کا چہرہ مسخ کر کے رکھ دیا ہے۔ ویسے تو بلیم گیم کی سیاست ہر دور میں عروج پر رہی ہے۔ حزب اقتدار اور حزب اختلاف ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کیلئے منفی سیاست کا سہارا لیتی رہی ہیں اور مفاداتی سیاست کے تابع ہو کر ملکی مفادات پر بھی سمجھوتہ کیا جاتا رہا ہے تاہم بلیم گیم کی سیاست کو سب سے زیادہ پی ٹی آئی دور میں فروغ حاصل ہوا۔ اس کی قیادت نے اپوزیشن قائدین کو چور ڈاکو جیسے القابات سے نوازا اور اپنے چار سالہ دور اقتدار میں قومی سیاست کے بجائے ذاتی دشمنی والی سیاست کو پروان چڑھایا۔ پی ٹی آئی کے چاہنے والوں نے تو سوشل میڈیا پر گالی گلوچ کو ایسا رواج دیا جس سے قومی سیاست کے بجائے ذاتی دشمنی اور عناد کا پہلو اجاگر ہوا' اس سے ملک کا امیج بھی متاثر ہوا اور نفرت اور تقسیم کا پہلو اجاگر ہوا۔ بے شک سیاست میں پوائنٹ سکورنگ جمہوریت کا حسن ہوتا ہے مگر ایک دوسرے کو غدار' کافر جیسے القابات سے نوازنا کسی طرح بھی قومی سیاست کے زمرے میں نہیں آتا۔ بلاول بھٹو زرداری نے درست کہا ہے کہ سیاست کا مقصد ذاتی دشمنی نہیں ہونا چاہیے' متحد ہو کر خطرات کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ ملک بھر میں انتخابی سرگرمیوں کا آغاز ہو چکا ہے' اس موقع پر سیاسی قیادتوں کو عوام کے سامنے اجتماعی سوچ کو پروان چڑھانا اور سیاسی اختلافات بھلا کر تعمیری سیاست کا آغاز کرنا چاہیے' اسی طرح منفی سیاست کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی سالانہ تربیتی ورکشاپ

ازقلم: عصمت اسامہ۔

"ادیب کسی قوم کا قیمتی ترین فرد ہوتا ہے، اس لئے کہ وہ قوم کی تربیت کرتا ہے، احساس کو زندہ رکھتا ہے ،ادیب آدمی کو انسان بناتا ہے ۔معاشرے میں وہ ہی زندہ رہے گا جو کتاب کی صورت میں زندہ رہے گا۔ علم، انسان کو فرشتوں سے ممتاز کرتا ہے۔ دانش ور، وہ ہوتا ہے جسے پرندے اچھے لگتے ہیں تو وہ جنگل آباد کرتا ہے ،پنجرہ نہیں خریدتا!"، ان خوب صورت خیالات کا اظہار 'آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ' کی سالانہ تربیتی ورکشاپ میں موجود معزز مہمانان گرامی نے کیا۔ اپووا کی جانب سے ہر سال ملک بھر سے ادیبوں ،لکھاریوں ،مصنفین ،شاعروں ،ڈرامہ نگاروں اور ادب و صحافت کے میدان میں نمایاں کردار ادا کرنے والے حضرات و خواتین کو، پاک ہیریٹیج ہوٹل میں مدعو کر کے انعامات، گولڈ میڈل اور ایوارڈز سے نوازا جاتا ہے ۔ ادب کے آسمان پر جگمگاتے یہ ستارے اس محفل میں نہ صرف ایک دوسرے کی کارکردگی سے روشناس ہوتے ہیں بلکہ ان کی اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف کر کے ان کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے جو کسی بھی تخلیق کار کے لئے نئی جان پڑ جانے کے مترادف ہے۔ بعض افراد پوچھتے ہیں کہ لکھاری کی حوصلہ افزائی کیوں ضروری ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ لکھاری یا ادیب بننا آسان کام نہیں ہے، اپنی آنکھ سے دیکھے مشاہدات، قلب کی گہرائی میں ابھرتے احساسات اور دماغ سوزی سے تخلیق کردہ تخیلات کو الفاظ کے سانچے میں ڈھالنا ایک پر مشقت عمل ہے، جس میں خون جگر سے رنگ بھرنے ہوتے ہیں اور یہ تخلیقات معاشرے کو سوچنے پر مجبور کرتی ہیں، اس لئے لکھاری کی حوصلہ افزائی اور قدردانی انتہائی ضروری ہے۔ اپووا نے اپنا دامن بلا امتیاز سب قابل افراد کے لئے کشادہ کیا ہے اور یہ ادب کی خدمت قابلِ تحسین ہے ۔ تربیتی ورکشاپ کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا۔ تقریب کے سرپرست اعلیٰ زبیر احمد انصاری اور بانی ایم ایم علی کے ساتھ کمپیئر مدیحہ کنول ،علیمہ جبیں، ساجدہ چوہدری اور دیگر نے تقریب کے انتظامات احسن انداز سے سرانجام دیئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی اوریا مقبول جان نے اپنے خطاب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا، 'رب اشرح لی صدری' کی فضیلت واہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ فصاحت و بلاغت، لکھنے بولنے والوں کے لئے یہ دعا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس دعا کو سکھا کے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے دربار میں بھیجا تھا۔ فرعون صرف شرک کا مرتکب ہی نہ تھا بلکہ طاغوت بن گیا تھا، دوسروں کو بھی اللہ کی نافرمانی پر مجبور کرتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ پیغام دے کر فرعون کے دربار میں بھیجا گیا: 'ارسل معی بنی اسرائیل ' یعنی بنی اسرائیل کو آزاد کردو۔ اس میں یہ سبق موجود ہے کہ لکھنے والوں کی پہلی کوشش یہ ہونی چاہئیے کہ تم اپنی قوم کو کیسے آزاد کرواتے ہو؟ وہ آزادی جس میں انسان اپنی عبادات بھی کر سکے اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکے ۔دوسرا کام انسانوں کے مابین عدل وانصاف کا نظام قائم کرنا ہے ۔ جس ملک سے عدل ختم ہو جاتا ہے، لکھاریوں کو لکھنے کی آزادی بھی ختم ہو جاتی ہے، وہ سچ نہیں لکھ سکتے۔ قلم کی حرمت کا تقاضا ہے کہ زمین کے حاکموں سے کشمکش جاری رکھی جائے اور نظام کو بدلا جائے۔ جب میں ڈپٹی کمشنر تھا تو جاپان کے سفیر نے مجھ سے ملاقات کے دوران پاکستان کو ایٹمی دھماکوں سے روکنے کے موضوع پر بات کی۔ میں نے جاپان کے سفیر سے سوال کیا کہ اگر 1945ء میں تمہارے پاس ایٹمی طاقت ہوتی تو امریکہ جاپان پر حملے کی جرات کرتا؟ اس نے کہا کہ نہیں۔ میں نے کہا کہ پھر ہمیں کیوں روکنے آئے ہو؟ - آج مجھ سے کوئی نہیں پوچھتا کہ میں فلسطین میں جنگ لڑنے کیسے جاسکتا ہوں ؟ اگر ہمارے بچوں کو کوئی مارے تو ہم ان کے لئے کھانا لینے جائیں گے یا مارنے والے کا ہاتھ روکیں گے؟ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو فرعون سے آزاد کروالیا تھا، تب اللہ تعالیٰ نے انھیں کوہ طور پر بلا کے تورات دی تھی، شریعت سے نوازا تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر ہارون رشید صاحب نے علامہ اقبال کو سر کا خطاب ملنے کا واقعہ سنایا جب انھوں نے کہا تھا کہ پہلے میرے استاد میر حسن کو یہ اعزاز دیا جائے۔ ان سے پوچھا گیا کہ میر حسن صاحب نے کون سی کتاب لکھی ہے؟ اس پر علامہ اقبال نے فرمایا تھا کہ میں ان کی زندہ کتاب ہوں! یہ استاد کا مقام ہوتا ہے جو افراد کی تربیت کرتا ہے ۔تقریب میں موجود صوفی بزرگ محمد محسن منور یوسفی صاحب نے سچ بولنے کی تاکید کی اور خواب میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ سنایا۔ تقریب کی خاص بات "فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے فلسطینی پرچم کی پٹیاں بازو پر باندھنا " تھی۔ سالانہ تربیتی ورکشاپ میں افتخار احمد انی گل ، نوخیز اختر، ناصر ادیب، نایاب جیلانی، حفصہ اکبر علی ،ثمینہ طاہر بٹ، عطرت بتول، ظہیر ملک، ڈاکٹر ایوب امجد، ظہیر ملک ، حافظ محمد زاہد، خواجہ سلیم ،خالد عباس ڈار، راشد محمود، طارق بلوچ صحرائی ،۔ محسن سرور ، اسد بخاری ، قرۃ العین خالد ، عشرت بتول، ام ، رباب، ثوبیہ راجپوت، سحر منیر، عصمت اسامہ ثمینہ گل، فرزین لہرا اور دیگر کئی ادباء اور لکھاری بھی موجود تھے ۔ راقمہ کو ' کتاب ایوارڈ ' سے نوازا گیا۔ ایسی تربیتی ورکشاپس باقاعدگی سے ہوتی رہیں تو لکھاریوں کو نیا جذبہ حاصل ہوتا رہے گا۔ تقریب کے اختتام پر شرکائے محفل کی ضیافت بھی کی گئی۔

شفاف انتخابات کے تقاضے

تحریر۔۔۔قیوم نظامی

8 فروری 2024ء کے انتخابات اپنے انعقاد سے پہلے ہی متنازعہ بنائے کی کوشش ہو رہی ہے- حیران کن طور پر پاکستان بار کونسل سپریم کورٹ بار اور سندھ ہائیکورٹ بار کے عہدیداران نے ایک ہی روز انتخابات کے سلسلے میں اپنے تحفظات ظاہر کیے ہیں- دو ٹوک الفاظ میں چیف الیکشن کمشنر کی اہلیت پر سوالات اٹھا دیئے ہیں اور دعویٰ کیا گیا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر آئین کے تقاضوں کے مطابق شفاف انتخابات کرانے کے اہل نہیں ہیں لہذا انہیں اپنے عہدے سے مستعفی ہو جانا چاہیے -تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان بھی چیف الیکشن کمشنر پر شدید الفاظ میں تنقید کرتے رہے ہیں مگر اب وہ ان کی نگرانی میں ہونے والے انتخابات پر رضامند نظر آتے ہیں- پاکستان کے نامور بیرسٹر برادرم اعتزاز احسن نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میاں نواز شریف انتخابات ملتوی کرانا چاہتے ہیں لہذا انہوں نے اپنے حامی وکلاء کی جانب سے بیان جاری کرایا ہے-

2024ء کے انتخابات مشکل سیاسی اور معاشی حالات میں ہو رہے ہیں لہذا شفاف انتخابات کرانا قومی مفاد میں ہے- شفاف انتخابات کے حوالے سے پاکستان کی انتخابی تاریخ افسوس ناک رہی ہے- انتخابات پر تین قسم کے الزامات لگائے جاتے رہے ہیں- انتخابات سے پہلے دھاندلی پولنگ ڈے پر دھاندلی اور پولنگ کے بعد دھاندلی جو ووٹوں کی گنتی کے دوران اور انتخابی نتائج کا اعلان کرتے وقت کی جاتی ہے- انتخابی تاریخ کے ماہرین درست کہتے ہیں کہ موجودہ جمہوری انتخاب میں ووٹ دینے والوں کی نسبت ووٹ گننے والے زیادہ اہم ہوتے ہیں- پاکستان میں ووٹوں کا نہیں بلکہ نوٹوں کا مقابلہ ہوتا ہے - جمہوریت اور انتخابات کو مانیٹر کرنے والی تنظیم پلڈاٹ اور یو این ڈی پی نے سفارش کی ہے کہ امیدوار کو دو سے زیادہ نشستوں پر انتخابات لڑنے کی اجازت نہ دی جائے کیونکہ ایک سے زیادہ نشستوں پر انتخابات جیتنے والے امیدوار جب ایک کے علاوہ باقی نشستوں سے دستبردار ہوتے ہیں تو خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخاب کرانا پڑتا ہے-

ایک ضمنی انتخاب پر 3 کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں جو قومی خزانے پر بوجھ ہیں- ہندوستان میں ایک امیدوار کو دو انتخابی حلقوں بنگلہ دیش میں 3 حلقوں سے انتخابات لڑنے کی اجازت ہے جبکہ برطانیہ میں کوئی امیدوار ایک سے زیادہ حلقوں میں انتخاب نہیں لڑ سکتا- عمران خان نے گزشتہ سال 8 ضمنی انتخابات میں حصہ لیا تھا-

پاکستان فریڈم موومنٹ کے چیئرمین نامور بزنس مین برادرم ہارون خواجہ نے چیف الیکشن کمشنر کے نام خط لکھ کر شفاف انتخابات کے لیے قابل توجہ اور قابل عمل تجاویز دی ہیں- ان تجاویز میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ بیلٹ پیپر پر NO کا آپشن رکھا جائے - بیلٹ پیپر کے آخری خانے میں " کسی کو نہیں "درج کیا جائے- بھارت اور بنگلہ دیش دونوں ملکوں میں یہ آپشن رکھا گیا ہے جس سے ووٹرز ٹرن آؤٹ کی شرح میں اضافہ ہو جاتا ہے -پاکستان فریڈم موومنٹ کی سفارشات میں تحریر کیا گیا کہ بینرز بل بورڈز اور پوسٹرز پر مکمل پابندی عائد کی جائے تاکہ انتخابی اخراجات کم ہو سکیں اور لوئر مڈل کلاس کے افراد کے لیے انتخابات لڑنے کی گنجائش پیدا ہو سکے- پولنگ ڈے پر امیدوار کی جانب سے ٹرانسپورٹ فراہم کرنے پر پابندی عائد کی جائے تاکہ سیاست میں سرمایہ کاری کے رجحان کو ختم کیا جا سکے- آئین کے آرٹیکل نمبر 62 اور 63 کی روشنی میں امیدواروں کی مکمل چھان بین کی جائے تاکہ شفاف کردار کے حامل افراد عوام کی بہتر نمائندگی کر سکیں- میڈیا پر تمام سیاسی جماعتوں کو مساوی کوریج دی جائے - پاکستان فریڈم موومنٹ نے امیدوار کی اہلیت اور اس کے کردار کی شفافیت پر زور دیا ہے اور اس کے لیے 24 شرائط پیش کی ہیں-

پاکستان کی انتخابی تاریخ میں صاف اور شفاف انتخابات پر بہت زور دیا گیا مگر امیدواروں کے شفاف کردار پر زور نہ دیا گیا جس کے نتیجے میں مشکوک کردار کے حامل افراد بھی بار بار منتخب ہوتے رہے- امیدوار کو تولنا لازم ہو چکا ہے- پاکستان کے بیدار اور باشعور افراد کی رائے ہے کہ انتخابات متناسب نمائندگی کے اصول پر ہونے چاہئیں تاکہ اسمبلیوں میں عوام کی نمائندگی وسیع ہو سکے- ڈیجیٹل مشین کے استعمال سے دھاندلی کے امکانات کو ختم کیا جا سکتا - امیدوار کی تعلیم کم از کم بی اے ہونی چاہیے- ووٹر کے لیے اگر میٹرک پاس کی شرط عائد کر دی جائے تو سیاسی اور جمہوری نظام مستحکم ہو سکتا ہے- الیکشن کمیشن پاکستان سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے مرتب کروائے گئے ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد کرائے - دہشت گردی کی لہر کے پیش نظر عوامی اجتماعات پر مکمل پابندی عائد کی جائے اور صرف انتخابی حلقوں میں کارنر میٹنگ کی اجازت دی جائے جن کو سیکورٹی کے ادارے محفوظ بنا سکیں- سابق چیف جسٹس پاکستان ثاقب نثار کے گھر پر حملہ افسوس ناک اور شرمناک ہے- اس واقعہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا چاہیے تاکہ سیکورٹی اداروں پر عوام کا اعتماد متزلزل نہ ہو-

قومی اتفاق رائے پایا جاتا ہے کہ اگر فروری 2024ء کے انتخابات شفاف اور یکساں نہ ہوئے تو پاکستان کے اندرونی استحکام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے- انتخابات کو شفاف بنانے کے لیے لازم ہے کہ کلیدی حکومتی منصبوں پر غیر جانبدار افسران کو تعینات کیا جائے - جماعت اسلامی نے 1993ء کے انتخابات میں ایک سلوگن "ظالمو قاضی آرہا ہے "دیا تھا-

جو لوگ انتخابات کو ملتوی کرانا چاہتے ہیں ان کو خبر ہو کہ "ظالمو قاضی آچکا ہے "پوری قوم کی نظریں پاکستان کے چیف جسٹس محترم قاضی فائز عیسیٰ پر لگی ہیں- وہ عدالتی تاریخ اور اپنی زندگی کا اہم ترین باب رقم کر رہے ہیں- ان کے سامنے مسائل اور مشکلات کا ایک پہاڑ کھڑا ہے- رب کائنات سے التجا ہے کہ وہ چیف جسٹس پاکستان کو شفاف اور یکساں انصاف کی توفیق عطا فرمائے اور وہ آئین اور قانون کے مطابق پاکستان میں شفاف انتخابات کا انعقاد کرا سکیں-

سیاسی لیڈران کی بھینس کے گوبر کو حلوا ثابت نہ کریں

تحریر۔تابندہ خالد

آج کل پاکستانی سیاستدان عوام کے ساتھ عاشقی فیز سے گزر رہے ہیں۔ الیکشن کی گردش کرتی گرم خبروں سے عوامی حلقوں میں ان کے منتخب کردہ کونسلرز یوں نکل آئے ہیں جیسا کہ برسات میں مینڈک۔ ایسے ایسے چہرے نظر آرہے ہیں جن کا دیدار الیکشن مہم کے دوران ہی ہوا کرتا ہے۔ اس سال بھی کچھ مختلف ہونے کے چانسز نہیں وہی یوٹیوب اور ٹک ٹاک کی سیاست کرنے والے کروڑوں کی گاڑی سے نکلیں گے اور دس دس گن مین ان کے ہمراہ ہوں گے ۔ پژمردہ عوام کو جادوئی چھپی ڈال کر کہیں گے، 'او ہم آپ کے خادم جی۔۔۔او ہم آپ کے نوکر جی'۔ عجب نہیں کہ ہم خوب ادارک رکھتے ہوئے پھر ان کی روایتی دروغ گوئی کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں۔ گویا کہ ایک بین ہے جو وہ بجاتے ہیں اور ہم جواباً نشے میں سرمست ہو کر تالیاں بجاتے ہیں۔ الیکشن کی آمد کے ساتھ ہی جلوسوں اور ورکرز کنونشنز کے نام پر عوام کا برین واش کیا جاتا ہے۔ کیا آپ نے نوٹ نہیں کیا کہ اپنے مفاد کی خاطر سبھی سیاستدان باہمی شیر وشکر ہو جاتے ہیں اور ملکی مفاد کو کسی خاطر میں نہیں لاتے ۔مضحکہ خیز بات تو یہ ہے کہ جب اپنا مفاد پورا ہو جاتا ہے تو کرپشن کا الزام لگا کر ایک دوسرے کا پیٹ پھاڑ کر پیسے نکالنے کے دعوے کرتے ہیں۔ ان کے اس سیاسی ناٹک کو 'جونی چکر' کہیے یا موت کے کنوئیں کا وہ چکر جو اسٹنٹ مین بار بار لگاتا ہے۔ عبدالحئی تاباں کا یہ شعر مذکورہ بالا حالات کی صحیح ترجمانی کرتا ہے کہ

آشنا ہو چکا ہوں میں سب کا
جس کو دیکھا سو اپنے مطلب کا

دوسری جانب یہی سیاسی نمائندگان جب ہمارے ووٹ کے ذریعے اعلیٰ عہدوں پر متمکن ہوتے ہیں تو وہ پیار محبت والا بخار دفعتاً اتر چکا ہوتا ہے اور جناب اپنے اصلی روپ میں آچکے ہوتے ہیں کہ 'توں کون تے میں کون؟' ایک ہی اسٹیٹمنٹ میڈیا پر دی جاتی ہے کہ 'حالات بڑے خراب ہیں گزشتہ حکومت خزانہ خالی کر گئی ہے ہمیں ٹائم دیا جائے ہم عوام کو ریلیف نہیں دے سکتے'۔ جون ایلیا نے ان کی اخلاقی حالت پہ کیا خوب کہا ہے کہ

ہے سیاست سے تعلق تو فقط اتنا ہے
کوئی کم ظرف مرے شہر کا سلطان نہ ہو

بیچارے عوام نوزائیدہ حکومت کو پھر سے وقت دے دیتے ہیں لیکن عوام کا بھلا کسی طریقے سے نہیں ہوتا۔ یہی سیاستدان تگڑے سے تگڑے بن جاتے ہیں۔ بسا اوقات مخالف پارٹی کے سیاستدان براجمان پارٹی کو یہ طعنہ مارتے بھی نظر آتے ہیں کہ بائیک چلانے والا اربوں پتی کیسے بن گیا؟ سیاستدانوں کے موجودہ حالات دیکھ کر یہی کہا جا سکتا ہے کہ سینیٹ کا نام تبدیل کر کے کون بنے گا کروڑ پتی رکھا جائے۔ حیف صد حیف کہ ہم سیاسی لحاظ سے یتیم ہیں۔ پاکستان کو باصلاحیت اور اہل قیادت میسر نہ آسکی۔ پاکستان میں جمہوریت کہاں ہے بلکہ موروثیت اب ذیادہ لگتی ہے کہ سیاسی قائدین کی اولاد ان کی سرکردگی میں ساشے پیک میں دستیاب ہے اور اپنا سیاسی کیریئر بنانے کے لیے بیقرار ہے۔ یہ پاکستانی عوام کے مسائل سے ہی آگاہ نہیں ہیں۔۔۔ ایسے میں خدمت کیا ہوگی۔ پاکستانی عوام بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ ، فصلوں کی تباہی، فوگ سموگ کی انہونیاں، مختلف اقسام کی بیماریاں، دہشت گردی، سٹریٹ کرائم اور نہ جانے کیا کیا دکھ جھیل رہے ہیں۔ میرے خیال میں اتنے دکھ سہہ سہہ کر پاکستانی عوام ربڑ کے بن گئے ہیں کہ کسی انقلاب کی تمنا ان کے دلوں میں نہیں رہی۔ اپنے سیاسی لیڈران سے اگر آپ کو عقیدت ہے تو ضرور اسکا اظہار کیجئے مگر ان کی بھینس کے گوبر کو حلوا ثابت کرنے کی کوشش نہ کریں۔ حق بات کہنے کا احساس اگر مر گیا ہے تو آپ عنقریب وڑ جائیں گے ۔۔۔ کدھر وڑ جائیں گے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں۔ حقیقت بات ہے کہ جو قوم گٹر نالیاں اور گلیاں پکی کروانے پر ووٹ دے اس کے بچوں کا مستقبل کچا رہتا ہے ۔ یہ بات دلوں میں پیوست کر لیجئے کہ اگر " گڈ گورننس "سر چڑھ کر بولتی تو پاکستان کے یہ حالات نہ ہوتے ۔ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ خود ہی سیاسی لیڈر منتخب کر کے اسے حاکم وقت بنایا جاتا ہے تو چند ماہ گزرنے کے بعد اسے ہی طعن و تشنیع کا نشانہ کیوں بنایا جاتا ہے

شوبز SHOWBIZ

بھارتی اداکارہ کی جعلی ویڈیو اپلوڈ کرنے والوں کا سراغ مل گیا

بھارتی پولیس نے اداکارہ رشمیکا مندانا کی جعلی ویڈیو کیس میں 4 افراد کا سراغ لگالیا

ممبئی (سی ایم لنکس) بھارتی پولیس نے اداکارہ رشمیکا مندانا کی جعلی ویڈیو کیس میں 4 افراد کا سراغ لگالیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں 27 سالہ اداکارہ رشمیکا مندانا کی آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) یعنی مصنوعی ذہانت کی مدد سے تیار کردہ جعلی ویڈیو انٹرنیٹ پر وائرل ہوئی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پولیس نے اداکارہ کی جعلی (ڈیپ فیک ویڈیو) ویڈیو آن لائن اپ لوڈ کرنے میں ملوث 4 مشتبہ افراد کا سراغ لگالیا ہے جبکہ مرکزی ملزم کی تلاش جاری ہے۔ بھارتی پولیس کا کہنا ہے کہ یہ 4 افراد ویڈیو بنانے والے نہیں۔

صحیفہ جبار کا اپنے شوہر کے کلاس فیلو کیساتھ تعلقات کا انکشاف

صحیفہ جبار خٹک نے 6 دسمبر 2017 کو اپنے دیرینہ دوست خواجہ خضر حسین سے شادی کی تھی



کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ماڈل و اداکارہ صحیفہ جبار نے انکشاف کیا ہے کہ وہ شادی سے قبل اپنے شوہر کے کلاس فیلو کے ساتھ تعلقات میں تھیں لیکن بعد میں اُن کا بریک اَپ ہو گیا تھا۔ صحیفہ جبار نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں اُنہوں نے شادی سے پہلے اپنے سابق بوائے فرینڈز کے حوالے سے کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے کہا کہ'' میں شادی سے پہلے اپنے شوہر کے کلاس فیلو کو ڈیٹ کر رہی تھی لیکن اُس شخص نے میرے ساتھ بیوفائی کی، مجھے دھوکا دیا اور میں ایک سال تک غم میں رہی''۔ اُنہوں نے کہا کہ '' شادی سے پہلے میرے کئی بوائے فرینڈز تھے

پاکستان میں کوئی نہیں ملا جو ہاتھی نما آدمی سے عشق کر رہی ہیں؟

اداکارہ ہانیہ عامر اور بھارتی گلوکار بادشاہ کی دوستی کے خوب چرچے ہو رہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار اور فلمی مبصر کمال راشد خان المعروف کے آر کے نے بھارتی گلوکار و ریپر آدتیہ پرتیک سنگھ سسودیا عرف بادشاہ کے ساتھ ڈیٹنگ کی زیر گردش خبروں پر پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر سے سوال کرلیا۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر کمال راشد خان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ بھارتی ریپر بادشاہ کی جسامت کا مذاق اُڑا رہے ہیں اور ہانیہ عامر سے سوال بھی کر رہے ہیں کہ اُنہیں ڈیٹ کرنے کے لیے بادشاہ کے علاوہ کوئی اور لڑکا نہیں ملا؟ کمال راشد خان نے اپنی ویڈیو میں بھارتی ریپر بادشاہ کو ہاتھی کا بچہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ''آج کی تاریخ کی تازہ ترین خبر یہ ہے کہ اس ہاتھی نما گلوکار (بادشاہ) کے سر پر عشق کا بھوت سوار ہے''۔ اداکار نے کہا کہ ''اس ہاتھی نما آدمی (بادشاہ) کو پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر سے عشق ہو گیا ہے۔ اور یہ ہانیہ سے ملنے کے لیے کبھی دبئی جاتا ہے تو کبھی ویڈیو کال پر بات کرتا ہے اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ بادشاہ دنیا کو بھی بتاتا ہے کہ آج میں نے ہانیہ سے انسٹاگرام پر بات کی''۔ اُنہوں نے ہانیہ عامر سے سوال کیا کہ'' آپ کو عشق کرنے کے لیے اس ہاتھی نما آدمی کے علاوہ کوئی اور نہیں ملا؟ کیا پاکستان میں لڑکے مر گئے ہیں جو آپ اس ہاتھی نما آدمی سے عشق کر رہی ہیں؟''

سپورٹس SPORTS

دوسرے میچ میں امید ہے غلطیاں نہیں دہرائیں گے، سعود شکیل

پچ دیکھ کر پاکستان جیسا احساس ہو رہا ہے، تمام بیٹر اچھا محسوس کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

میلبرن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر سعود شکیل نے کہا ہے کہ آسٹریلیا کے خلاف امید ہے پھر سے غلطیاں نہیں دہرائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سعود شکیل نے کہا کہ پچ دیکھ کر پاکستان جیسا احساس ہو رہا ہے، تمام بیٹر اچھا محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرتھ ٹیسٹ کے پہلے روز بولنگ اچھی نہیں ہوئی تھی، پہلی اننگز میں زیادہ رنز بن گئے وہیں سے میچ ہم سے نکل گیا تھا، نئے بولرز تھے ایڈجسٹ ہونے میں وقت لگتا ہے، بدقسمتی سے خرم شہزاد سیریز سے باہر ہوئے ہیں۔ سعود شکیل نے کہا کہ میر حمزہ اور حسن علی کے پاس اچھا موقع ہے، آسٹریلیا کے تجربہ کار کھلاڑی ہیں اور ان کے پاس کوالٹی اٹیک ہے، بابر اعظم ورلڈ کلاس بیٹر ہیں اور ایک اننگ سے کم بیک کر سکتے ہیں، امید ہے میلبرن میں بابر اچھی اننگز کھیل کر فارم واپس لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پرتھ میں ڈراپ ان پچز تھیں، پہلی بار ان پر کھیلا اور سیکھنے کا موقع ملا۔ سعود شکیل نے کہا کہ جب چھوٹا تھا تو صبح پانچ بجے اٹھ کر باکسنگ ڈے کا ٹیسٹ ضرور دیکھتا تھا، اب خود باکسنگ ڈے ٹیسٹ کھیلوں گا تو زیادہ پُر جوش ہوں۔

16 ویں نیشنل ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ 3 جنوری سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 16 ویں نیشنل ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ 3 جنوری سے لیورٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں شروع ہو گی۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آٹھ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز، ڈبلز، ایچور، لیڈیز، ڈیف مینز اینڈ ویمن، انٹر یونیورسٹیز اور انٹر سکولز شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی اپنے ناموں کی رجسٹریشن 3 جنوری تک کروا سکتے ہیں۔

نیوزی لینڈ کیخلاف سیریز میں نئے کھلاڑیوں کو بتدریج آزمانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم انتظامیہ اور قومی سلیکشن کمیٹی نے نیوزی لینڈ کی سیریز سے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاریاں شروع کرنے اور نئے کھلاڑیوں کو بتدریج آزمانے کا فیصلہ کیا ہے، بابر اعظم اور محمد رضوان کو دو، دو میچوں میں آرام کرانے کی تجویز ہے۔ پانچ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں سے صف اول کے بیٹرز بابر اعظم اور محمد رضوان کو تین تین میچ کھلائے جائیں گے، انہیں دو، دو میچوں میں آرام دیا جائے گا تاکہ نئے ٹیلنٹ کو بھی آزمایا جائے۔ بائیں ہاتھ کے بیٹر صائم ایوب مستقل اوپنر کی حیثیت سے کھیلیں گے جبکہ کسی میچ میں صائم کے ساتھ بابر اعظم اور کسی میچ میں محمد رضوان اننگز کا آغاز کریں گے۔

خواتین کا تحفظ
پنجاب پولیس کی اولین ترجیح
خواتین بس سٹاپ، دفاتر، بازار یا دیگر مقامات پر ہراسگی کی صورت میں فوری طور پر ویمن سیفٹی ایپ کے الرٹ بٹن پر کلک کریں
GET IT ON Google Play
Download on the App Store
twitter.com/PSCAsafecities
facebook.com/punjabsafecities
instagram.com/punjabsafecities
youtube.com/PunjabSafeCitiesAuthority
فون: (+92)-42-9905-1605(08)
info@psca.gop.pk
پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی
Advt.478/23

از دفتر میونسپل کارپوریشن راولپنڈی

نیلام عام

میونسپل کارپوریشن راولپنڈی اپنی ملکیتی مختلف دکانات / پلاٹ بذریعہ نیلام عام کرایہ داری پر دینا چاہتی ہے۔
نیلام عام شعبہ ریگولیشن، میونسپل کارپوریشن راولپنڈی میں مورخہ 02-01-2024 کو دن 10:00 بجے منعقد ہوگا۔
جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام مارکیٹ	دکان نمبر	تعداد	ماہانہ کرایہ مجوزہ	زر ضمانت
1	جامع مسجد (Roof Top)	Roof Top-1	1عدد (1000 Sft)	29,000/-	84,000/-

[illegible]

چیف آفیسر
میونسپل کارپوریشن، راولپنڈی

IPL-11053

بقیہ 1

لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے 31 جنوری تک سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن پراجیکٹ مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے 3 شفٹوں میں کام کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے ہر شفٹ میں 500، 500 لیبر فورس لگانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ صوبائی وزرا روزانہ رات وزٹ کر کے پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پلستر کے دوران ٹائلز لگانے پر ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ ٹائلز کی حفاظت کے لیے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ہسپتال میں جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مختلف فلورز پر گئے، بیسمنٹ کا بھی معائنہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے تعمیراتی سرگرمیوں کو تیز کرنے اور سروسز ہسپتال کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی سروسز ہسپتال کے دورے کے بعد پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پہنچ گئے اور ایمرجنسی و دیگر فلورز پر جاری اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے 31 دسمبر تک پی آئی سی کے ایمرجنسی بلاک کے گراؤنڈ فلور کو کھولنے کا حکم دیا جبکہ 15 جنوری تک ہسپتال کی اپ گریڈیشن کو مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے بائیو گیس کے کام کو آج رات تک ہر صورت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے تھرڈ فلور کو آج ہی 100 فیصد محکمہ تعمیرات و مواصلات کے حوالے کرنے کا حکم دیا اور مین گیٹ کے قریب لیب کولیکشن سنٹر بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کو اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سروسز اور پی آئی سی کے بعد میو ہسپتال پہنچ گئے اور ایمرجنسی بلاک کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ اپ گریڈیشن پراجیکٹ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو گیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کا ایمرجنسی بلاک کو 7 جنوری تک کھولنے کا حکم دیا اور تمام کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے ایمرجنسی بلاک میں جاری فنشنگ کے کاموں کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے میو ہسپتال کے چلڈرن بلاک کا بھی دورہ کیا اور اپ گریڈیشن کے کاموں کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ پانچویں فلور تک گئے اور تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میو ہسپتال کے لان کو فی الفور درست کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے لان کو درست کرنے کے لئے پی ایچ اے کو ہدایات جاری کیں۔ بعدازاں وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی لیڈی ولنگڈن ہسپتال سائٹ پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہسپتال کی تعمیر نو کے پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جاری کاموں کا مشاہدہ کیا۔ ایف ڈبلیو او کے کرنل جمال نے پراجیکٹ کے بارے بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پرانی عمارت کو بھی جلد مسمار کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کو پراجیکٹ پر ہونے والی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی سروسز، پی آئی سی، میو، لیڈی ولنگڈن کے بعد پنجاب ڈینٹل ہسپتال پہنچ گئے اور ڈینٹل ہسپتال کی اپ گریڈیشن کی جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب ڈینٹل ہسپتال اپ گریڈیشن 15 جنوری تک مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 2

کیا۔ صدر مملکت نے لانس نائیک پردم ولی کو بھی جان کا نذرانہ پیش کرنے پر قوم کی جانب سے سلام پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہداء کو وطن کیلئے جام شہادت نوش کرنے، خدمات پر قوم کی جانب سے سراہا۔ صدر مملکت نے شہداء کی بہادری اور وطن کیلئے محبت پر بھی انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہداء کیلئے بلندی درجات، اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 3

چلائیں گے، انتخابات کی تاریخ دینا، اس میں تبدیلی یا توسیع کا اختیار صرف الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس ہے، الیکشن کمیشن واضح کر چکا ہے کہ انتخابات 8 فروری 2024ء کو ہوں گے۔ ہفتہ کو یہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نگران حکومت آئینی عمل کی پیداوار ہے، ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نگران حکومت کی مدت میں توسیع کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں، پاکستان میں حکومت جو بھی ہو لیکن انتخابات کی تاریخ دینا، اس میں تبدیلی اور توسیع کرنے کا اختیار صرف الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس ہے۔ الیکشن کمیشن نے بہت واضح طریقے سے بتایا ہے کہ الیکشن جمعرات 8 فروری 2024ء کو ہوں گے، ابھی تک اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اس لئے انتخابات کی تاریخ پر کسی کو کوئی شک وشبہ نہیں ہونا چاہئے۔

بقیہ 4

چھٹیوں کے باوجود کھلی رہیں گی۔ کاغذات نامزدگی جمع کروانے میں پیش آنے والے مسائل اور رکاوٹوں سے متعلق درخواستیں جمع کروائی جاسکیں گی۔ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بنچ سے متعلق درخواستیں لاہور ہائی کورٹ لاہور پرنسپل سیٹ پر دائر کی جاسکتی ہیں جبکہ بہاولپور بنچ سے متعلق درخواستیں ملتان بنچ کی ڈائری برانچ میں دائر کی جاسکتی ہیں۔ ڈائری برانچوں کا عملہ دو دن دفتری اوقات میں موجود رہے گا۔

بقیہ 5

بلے کا نشان واپس لینے کے لیے عدالت سے رجوع کریں گے، امید ہے عدالت انصاف کرے گی، بلا پاکستان کے 70 فیصد عوام کی نشانی ہے، کوئی بھی نشان الاٹ ہو وہ آپ سے کوئی نہیں چھین سکتا انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے آرڈر میں کوئی ذکر نہیں کیا کہ جنہوں نے درخواستیں جمع کرائیں، کیا وہ پی ٹی آئی کا حصہ تھے یا نہیں، الیکشن کمیشن نے ذکر ہی نہیں کیا ہم نے کسی قانون یا ضابطے کی خلاف ورزی کی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا ہے کہ ہمارے انٹرا پارٹی الیکشن پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا، الیکشن کمیشن نے جو کل آرڈر پاس کیا ہے وہ اس کے پہلے آرڈر سے متصادم ہے، ان شاء اللہ عدلیہ مداخلت کرے گی ہمارا نشان بحال ہوگا۔

بقیہ 6

کر رہی تھیں۔ تقریب رونمائی گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان کی موجودگی میں ہوئی۔ معاون خصوصی کی فوکل پرسن سبین حسین ملک، جو 100 روزہ پلان بنانے والوں میں سے ہیں، نے 100 روزہ پلان پر عملدرآمد اور کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ لانچنگ تقریب کا انعقاد انفوکام کے تعاون سے کیا گیا تھا، جو خواتین کو بااختیار بنانے اور مالی شمولیت پر اپنے کام کے لیے معروف ہے۔ سول سوسائٹی اور خواتین کو بااختیار بنانے اور انسانی حقوق کے لیے وقف تنظیموں کے دیگر معززین بھی شرکاء میں شامل تھے۔ مشعال ملک نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے کے اصول نہ صرف پاکستان کے آئین میں لکھی ہیں بلکہ ہمارے قومی ورثے میں بھی ان کی مضبوط بنیاد موجود ہے۔ انہوں نے پاکستانی خواتین کی معاشرے میں تبدیلی لانے کی صلاحیت پر زور دیا اور سماجی اور ڈیجیٹل شعبوں میں خواتین کی شمولیت کو بڑھانے کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ 100 روزہ پلان میں پاکستان بھر میں خواتین کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے نت نئے حل اور پروگرام شامل کیے گئے ہیں۔ مشعال ملک نے اس بات پر زور دیا کہ اپنے محدود مینڈیٹ کے باوجود، نگران سیٹ اپ نے 100 روزہ پلان میں بیان کردہ مقاصد کے حصول کے لیے مضبوط عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام اسٹیک ہولڈرز پاکستان میں انسانی حقوق کو آگے بڑھانے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے خواب کی تعبیر میں فعال کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، صنفی شمولیت کے لئے معاون خصوصی کی مشیر، سام علی نے مالی شمولیت کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کی مالی آزادی کا حصول صنفی مساوات کو آگے بڑھانے اور قوم کی حقیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ایک ستون کا کام کرے گا۔

معاون خصوصی مشعال ملک کی قیادت میں وزارت انسانی حقوق کی طرف سے تیار کردہ 100 روزہ پلان، جدید خیالات اور اقدامات کا ایک جامع پیکج ہے۔ اس منصوبے کا مقصد پاکستان میں انسانی حقوق کے مجموعی منظر نامے کو بہتر کرنا اور خواتین کو بااختیار بنانا ہے۔ اس منصوبے میں صنفی مساوات، تعلیم، اقتصادی اختیار، صحت کی دیکھ بھال، خواتین کے خلاف تشدد، سیاسی شرکت، قانونی حقوق، تولیدی حقوق، امتیازی سلوک سے آزادی، بچوں کی شادی، انصاف تک رسائی، میڈیا کی نمائندگی، ٹیکنالوجی اور سماجی اور اقتصادی حفاظتی نیٹ تک رسائی جیسے اہم شعبوں پر محیط اقدامات شامل ہیں۔

اپنے خطاب میں گورنر پنجاب نے 100 روزہ پلان کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرنے والوں کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے معاون خصوصی مشعال حسین ملک کی پاکستان میں انسانی حقوق اور پاکستانی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے انتھک محنت اور ذاتی کوششوں کا اعتراف کیا۔ گورنر پنجاب نے مشعال ملک کو تحریک آزادی کشمیر کی پہچان قرار دیا۔

بقیہ 7

رکھنے والے افراد کے درمیان ہم آہنگی اور افہام و تفہیم کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ محترمہ سبین حسین ملک (فوکل پرسن ٹو ایس اے پی ایم)، میاں جاوید (چیئرمین نظریہ پاکستان کونسل)، منظور مسیح (ایگزیکٹو ممبر نظریہ پاکستان کونسل)، فیصل زاہد ملک، صلاح الدین (برطانیہ میں پاکستان کے سابق ہائی کمشنر)، محترمہ نرگس اور خالد سلیری نے تقریب میں شرکت کی۔ مشعال ملک نے کہا کہ ہر مذہب محبت، قربانی اور امن کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویٹیکن کے پوپ سے ملاقات میں انہوں نے کثیر العقیدہ ہم آہنگی عالمی امن کے لیے کلیدی قرار دیا۔ مشعال ملک نے کہا کہ کشمیر اور فلسطین سمیت عالمی تنازعات کا حل تمام مذاہب میں سرایت محبت، امن اور ہم آہنگی کے پیغامات کی تبلیغ میں مضمر ہے۔ انہوں نے دنیا بھر میں مظلوموں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی ضرورت پر زور دیا۔ مشعال ملک نے کہا کہ جڑانوالہ واقعے کے بعد پاکستانی معاشرے کے تمام طبقات کی جانب سے متفقہ مذمت قابل تحسین ہے۔ انہوں نے واقعے کے جواب میں حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کی تعریف کی۔ انہوں نے سول سوسائٹی کے زیر اہتمام امن ریلیوں کی بھی تعریف کی اور ان اجتماعات میں عام شہریوں کی خاطر خواہ شرکت کو سراہا۔ مشعال ملک نے بھارت میں اقلیتوں پر روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے ظلم وستم پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس ظلم وستم کو ہندوستانی حکومت کی ہندوتوا سے متاثر پالیسیوں کے اثر ورسوخ سے منسوب کیا۔

بقیہ 8

سازش ہوئی، یہ جنرل (ر) باجوہ تک پہنچی لیکن بند کمرے میں انہیں ہی توسیع کی پیشکش بھی کی، محسن نقوی، نواز شریف اور شہباز شریف سے ہوتے ہوئے اس نے کئی روٹ بدلے تم معیشت تباہ کر دو، لوگوں کا روزگار چھین لو، خارجہ پالیسی، قومی سلامتی کو داؤ پر لگا دو، جناح ہاؤس جلا دو لیکن تم پھر بھی معصوم ہو۔ پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین نے بند کمرے میں کہا سائفر سے کھیلنا ہے اس پر سیاست کرنی ہے، یہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا مسئلہ ہے، لفافے میں کچھ نہیں تھا صرف بند لفافہ لہرایا گیا، اگر اس میں سازش ہوتی ہے تو جو بھانڈا تھا وہ سامنے لاتا۔ پہلے اسے لاڈلا کہہ کر اور آر ٹی ایس بٹھا کر مسلط کیا گیا تھا جبکہ تین دفعہ کے منتخب وزیراعظم کو عہدے سے ہٹا کر جیل ڈالا گیا، اسے سسیلین مافیا، گاڈ فادر کہا گیا، لاڈلے کو لانے کے لئے آر ٹی ایس کو بٹھانا پڑا، جب عوام نواز شریف کو ووٹ دے رہے تھے اس کو ووٹ ڈلوانے کے لئے آر ٹی ایس کو بٹھایا گیا۔ جب اس کے خلاف آئین و قانون کے مطابق تحریک عدم اعتماد آئی تو سائفر کا لفافہ نکالا گیا اور غیر آئینی طور پر اسمبلی تڑوائی گئی، وزراء سے آئین تڑوایا گیا اور یہ معصوم شخص ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ آیا کہ آئین توڑا گیا۔

بقیہ 9

میں انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ کیا بانی پی ٹی آئی سے قبل پاکستان کا کوئی اور سیاسی رہنما گرفتار نہیں ہوا تھا؟ انہوں نے کہا کہ مظاہرہ کرنے کا حق سب کو حاصل ہے، احتجاج پُرامن ہوگا تو حکومت نہیں روکے گی، اگر امیدواروں کیخلاف کارروائیاں ہو رہی ہیں تو اس معاملے کو دیکھیں گے۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ 2013ء اور 2018ء میں پی ٹی آئی کو ووٹ دیا تھا، ایک زمانہ تھا جب پی ٹی آئی کا دفاع کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا مطلب صرف فوج نہیں ہے، فوج ریاست کا جزو ہے، 9 مئی واقعات سے جڑے افراد کے خلاف ایف آئی آر درج ہوئیں اور گرفتاری کے لیے چھاپے مارے گئے۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ نہیں سمجھتا کہ پوری پی ٹی آئی کو 9 مئی واقعات کے حوالے سے دیکھا جائے، ہر پاکستانی کا حق ہے کہ وہ کسی بھی پارٹی کا امیدوار بنے یا ووٹ دے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت سے امید تھی کہ وہ گورننس اور معیشت کو بہتر کرے گی۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ مظاہرہ کرنے کا سب کو حق حاصل ہے، مظاہرین کے مطالبات کو دیکھا جا رہا ہے، کابینہ کی کمیٹی بھی بنائی گئی ہے، مظاہرین پرامن طریقے سے احتجاج جاری رکھنا چاہتے ہیں تو ہم ان کو نہیں روکیں گے، بس وہ سڑکیں بلاک نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ کوسٹل ہائی وے پر 15 افراد کی مسخ شدہ لاشیں ملی ہیں، شناخت ڈی این اے کے ذریعے ہوئی، تربت میں تھانے پر حملہ کر کے مزدوروں کو شہید کیا گیا۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ ہزارہ برادری کے لوگوں کو قتل کیا گیا، سرفراز بنگلزئی نے 70 ساتھیوں کے ساتھ سرینڈر کیا۔

بقیہ 10

کے وکیل رائے علی اور عمر طالب نے آر او کو جمع کرائے۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کے حلقہ این اے 89 میانوالی سے کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے تھے۔ بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل میں کاغذات نامزدگی پر دستخط کیے تھے جو ان کے وکیل رائے محمد علی لے کر گئے تھے۔ رائے محمد علی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی میانوالی، لاہور اور اسلام آباد سے الیکشن لڑیں گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ اڈیالہ جیل انتظامیہ نے کاغذات نامزدگی چھینے جو 7 گھنٹے بعد ہمارے حوالے کیے گئے۔

بقیہ 11

میں ٹریڈ آفیسر تعینات کرنے کی منظوری دی تھی۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ اتحادی دور میں ٹریڈ آفیسرز کے لیے مشتہر 40 اسامیوں میں نئی دلی بھی تھا۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق نگراں وزیراعظم نے نئی دلی کے سوا باقی مشتہر 39 بیرون ملک ٹریڈ افسران کی اسامیوں پر تعیناتی کی منظوری دی ہے۔ ذرائع کے مطابق تجارت معطلی کے باوجود بھارت میں ٹریڈ آفیسر کی تعیناتی کا عمل شروع کیا گیا تھا۔ شہباز شریف نے بھارت میں گریڈ 20 کی ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ منسٹر کی آسامی ختم کردی تھی۔ ذرائع کے مطابق نئی دلی میں گریڈ 19 کی ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر آسامی کی منظوری دی گئی تھی۔ وزارت تجارت کے حکام کے مطابق پاکستان نے اگست 2019ء سے بھارت کے ساتھ تجارت معطل کر رکھی ہے۔

بقیہ 12

نے نومبر 2022ء میں ایم ڈی کیٹ پاس کیا، جب ایم ڈی کیٹ پٹیشنر نے پاس کیا اس وقت قانون کے مطابق رزلٹ 2 سال کے لیے موزوں تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پٹیشنر نے پی ایم ڈی سی کے 14 جولائی 2023ء کا پبلک نوٹس چیلنج کیا، پی ایم ڈی سی نے نوٹس میں کہا تھا 2022ء کے پاس کردہ ایم ڈی کیٹ پر 2023ء میں داخلہ نہیں ملے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ 2021ء کی ریگولیشنز کے مطابق نومبر 2022ء کے ایم ڈی کیٹ نتائج 2 سال کے لیے موزوں ہیں، بعد میں کیے جانے والے ایڈمنسٹریٹو فیصلے سے پٹیشنر سے یہ حق واپس نہیں لیا جاسکتا۔ فیصلے میں عدالت نے کہا کہ پٹیشنر کا ایم ڈی کیٹ رزلٹ نومبر 2022ء سے نومبر 2024ء تک موزوں ہوگا، پٹیشنر کا کیس میں جو خرچ آیا وہ بھی پی ایم ڈی سی ادا کرے گی۔

بقیہ 13

نے نومبر 2022ء میں ایم ڈی کیٹ پاس کیا، جب ایم ڈی کیٹ پٹیشنر نے پاس کیا اس وقت قانون کے مطابق رزلٹ 2 سال کے لیے موزوں تھا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پٹیشنر نے پی ایم ڈی سی کے 14 جولائی 2023ء کا پبلک نوٹس چیلنج کیا، پی ایم ڈی سی نے نوٹس میں کہا تھا 2022ء کے پاس کردہ ایم ڈی کیٹ پر 2023ء میں داخلہ نہیں ملے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ 2021ء کی ریگولیشنز کے مطابق نومبر 2022ء کے ایم ڈی کیٹ نتائج 2 سال کے لیے موزوں ہیں، بعد میں کیے جانے والے ایڈمنسٹریٹو فیصلے سے پٹیشنر سے یہ حق واپس نہیں لیا جاسکتا۔ فیصلے میں عدالت نے کہا کہ پٹیشنر کا ایم ڈی کیٹ رزلٹ نومبر 2022ء سے نومبر 2024ء تک موزوں ہوگا، پٹیشنر کا کیس میں جو خرچ آیا وہ بھی پی ایم ڈی سی ادا کرے گی۔

بقیہ 14

ہنگامی صورتحال میں دہشتگرد عناصر سے نمٹنے کا عملی مظاہرہ کیا، مشق میں سی ٹی ڈی، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ نے نیول ہیڈکوارٹرز میں مشترکہ تربیتی مشق کی، تربیتی مشق میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس سی ٹی ڈی اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیموں نے ایس پی سی ٹی ڈی حمزہ ہمایوں کی سربراہی میں حصہ لیا، مشق میں سی ٹی ڈی اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیموں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ٹیموں کے ساتھ مشترکہ طور پر کسی بھی ہنگامی صورت حال میں جائے وقوعہ پر بروقت پہنچ کر دہشتگرد عناصر سے نمٹنے کا عملی مظاہرہ کیا، مشترکہ تربیتی مشق کا بنیادی مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں جائے وقوعہ پر قلیل وقت میں پہنچ کر بروقت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے حالات پر قابو پانا تھا، اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارلحکومت کو امن کا گہوارہ بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، "پکار- 15" یا "آئی سی ٹی ایپ-15" پر اطلاع دیں۔

بقیہ 15

ایک سیاسی جماعت ہی کالعدم ہوجائے تو الیکشن کمیشن اسے کیسے نشان دے گا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں لیول پلیئنگ فیلڈ کی بات ہوئی ہے، کیا لیول پلیئنگ فیلڈ کیلئے آئین وقانون کی خلاف ورزی کو ساتھ ملا دیں گے، ایک شخص نے واقعہ رونما کیا تو کیا اسے تحقیقات مکمل کئے بغیر چھوڑ دیں گے، جس نے جرم کیا ہے اس سے تفتیش ہونی ہیں، ثبوت کو ریکارڈ کرنے کے لئے اس شخص کی ضرورت ہوسکتی ہے اور پراسیکیوشن اسے مانگ رہی ہے۔ چلیں کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے، آج ملک میں لاڈلے کی بڑی بحث ہے کہ کون لاڈلا، جس کے حق میں فیصلے ہوتے ہیں وہ لاڈلا ہوتا ہے وہی منظور نظر ہوتا ہے، یہاں اس بات کو دیکھا جائے۔ ایک معزز جج صاحب نے وضاحت سے لکھا ہے کہ 2018 میں لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں تھی، ہم چار سال تک دوہائی دیتے رہے لیکن ہماری کہیں نہیں سنی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا احترام ہے لیکن بار بار عدالت کا دائرہ اختیار تبدیل کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، حالیہ فیصلوں کے سیاسی اثرات ہوں گے، معزز جج کے ریمارکس سن کر ایسا محسوس ہوتا ہے شاید یہ فیصلہ ٹرائل کورٹ میں ہونے والی سماعت کو متاثر کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن قانون کے مطابق ہی نہیں ہوئے، جس طرح کی غیر قانونی سرگرمی کی اسے اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا ہے، جب ایک سیاسی جماعت کالعدم ہوگی تو الیکشن کمیشن کیسے انتخابی نشان دے گا۔

بقیہ 16

ٹی وی کے مطابق اس حوالے سے نگراں وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جاوید اکرم کا کہنا ہے کہ موجودہ وائرس بہت زیادہ پھیلا ہوا ہے، نیا وائرس کووڈ ہوسکتا ہے، لوگ کووڈ کا ٹیسٹ نہیں کروا رہے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ اس وقت مختلف قسم کے وائرس شہریوں کی صحت متاثر کر رہے ہیں۔

بقیہ 17

سرگودھا یونیورسٹی سے گولڈ میڈل جیت لیا۔ یونیورسٹی کے سالانہ کانووکیشن میں گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے انہیں ڈگری، گولڈ میڈل اور کیش ایوارڈ سے نوازا۔ دریں اثناء دوست احباب نے سیدہ نمرہ فاطمہ کی شاندار کامیابی پر شاہ منظر فرید کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انکی صاحبزادی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 18

واپس کردیا۔ عدالت عظمیٰ نے اعتراضات دور کرکے اپیل جمع کروانے کی ہدایت کردی۔ یاد رہے کہ سابق وزیراعظم اور بانی پاکستانی تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے توشہ خانہ سزا معطلی اور نااہلی کے خلاف درخواست خارج کرنے کا اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا۔ بانی پی ٹی آئی نے توشہ خانہ سزا معطلی اور نااہلی کے خلاف درخواست خارج کرنے کا چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا تھا۔ اس حوالے سے بانی پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی، بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر ڈائری نمبر بھی لگ گیا تھا۔ یاد رہے کہ 6 دسمبر کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی توشہ خانہ ریفرنس میں نااہلی کے خلاف اپیل واپس لینے کی درخواست مسترد کردی تھی۔ مذکورہ ریفرنس گزشتہ برس پی ڈی ایم کے اراکین اسمبلی نے دائر کی تھی جس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے اپنے پاس رکھے تحائف اور ان کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کی تفصیلات شیئر نہیں کیں۔ گزشتہ برس 21 اکتوبر کو الیکشن کمیشن نے عمران خان کے خلاف دائر کردہ توشہ خانہ ریفرنس کا فیصلہ سناتے ہوئے انہیں نااہل قرار دے دیا تھا۔ گزشتہ برس اگست میں سابق حکمران اتحاد کے 5 ارکان قومی اسمبلی کی درخواست پر اسپیکر قومی اسمبلی نے سابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کے لیے توشہ خانہ ریفرنس الیکشن کمیشن کو بھجوایا تھا۔

بقیہ 19

بطور نگران وزیراعظم 14 اگست 2023 کو حلف اٹھایا، ان سے قبل جسٹس (ر) ناصر الملک یکم جون سے 18 اگست 2018 تک 79 روز کے لیے نگران وزیراعظم تھے، جسٹس (ر) ہزار خان کھوسو 25 مارچ 2013 سے 4 جون 2013 تک نگران وزیراعظم تھے، وہ 71 روز کے لیے نگران وزیراعظم رہے تھے۔ دستاویز کے مطابق اس سے قبل میاں سومرو 16 نومبر 2007 سے 24 مارچ 2008 تک نگران وزیراعظم رہے، وہ 130 روز کے لیے نگران وزیر اعظم رہے، معراج خالد 5 نومبر 1996 سے 16 فروری 1997 تک نگران وزیراعظم رہتھے، انہوں نے 104 روز بطور نگران وزیراعظم اپنے فرائض انجام دیے، ان سے پہلے معین قریشی 18 جولائی 1993 سے 18 اکتوبر 1993 تک نگران وزیراعظم تھے، وہ 92 دن اس منصب پر فائز رہے۔ سرکاری دستاویز میں بتایا گیا کہ ان سے پہلے بلخ شیر مزاری 18 اپریل 1993 سے 26 مئی 1993 تک نگران وزیراعظم تھے اور انہوں نے 38 روز بطور نگران وزیراعظم اپنی ذمہ داریاں انجام دی، غلام مصطفیٰ 6 اگست 1990 سے 5 نومبر 1990 تک نگران وزیراعظم تھے اور وہ 91 دن اس منصب پر فائز رہے۔

بقیہ 20

کہ الیکشن شیڈول کے مطابق امیدواروں کو کاغذات نامزدگی کے لیے 3 دن کا وقت دیا گیا تھا تاہم مسلم لیگ (ن)، جمعیت علمائے اسلام (ف)، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم پی) اور بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) نے کاغذات نامزدگی کی تاریخ میں توسیع کا مطالبہ کیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے گزشتہ روز سیاسی جماعتوں کے مطالبے پر کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی تاریخ میں 2 روز کی توسیع کردی تھی۔

بقیہ 21

سنگل بینچ جبکہ سات ڈویژن بینچ کیس کی سماعت کریں گے روسٹر کا اطلاق 26 دسمبر منگل سے ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد امیر بھٹی کی حتمی منظوری کے بعد جاری روسٹر کے مطابق چیف جسٹس اور جسٹس طارق سلیم شیخ پر مشتمل بینچ تمام نوعیت کے کیسز کی سماعت کرے گا، جسٹس شہزاد احمد خان اور جسٹس فاروق حیدر پر مشتمل بینچ فوجداری کیسز کی سماعت کرے گا، جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس راحیل شیخ پر مشتمل بینچ فوجداری کی سماعت کرے گا، جسٹس شاہد بلال حسن اور جسٹس فیصل زمان خان پر مشتمل بینچ سول کیسز کی سماعت کرے گا جسٹس شہباز علی رضوی اور جسٹس اسجد جاوید گھرال پر مشتمل بینچ فوجداری کی سماعت کرے گا جسٹس شاہد کریم اور جسٹس محمد رضا قریشی پر مشتمل بینچ سول کیسز کی سماعت کرے گا جسٹس مزمل اختر شبیر اور جسٹس عاصم حفیظ پر مشتمل بینچ سول کیسز کی سماعت کرے گا۔

بقیہ 22

نارتھ کیرولین اسٹیٹ یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی ہیں۔ ان کی پی ایچ ڈی مواصلات، اور ڈیجیٹل میڈیا میں ہے، ان کا مقالہ گلوبلائزیشن، میڈیٹائزیشن اور سوشل نیٹ ورکس کے تناظر میں پاکستان کی تشکیل نو تھا۔ انہوں نے نیو اسکول یونیورسٹی نیویارک سے میڈیا اسٹڈیز میں فلبرائٹ اسکالرشپ پر ماسٹرز بھی کیا ہے۔ ڈاکٹر طارق خان مختلف اہم عہدوں پر تعینات رہے، ان کے پاس انفارمیشن سروس اکیڈمی کا چارج تھا، اس سے قبل وہ ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان (اے پی پی) کے مینجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ آف الیکٹرانک میڈیا اینڈ پبلیکیشنز کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ ڈائریکٹر اے بی سی بھی رہ چکے ہیں۔ کیریئر کے آغاز میں، انہوں نے مختلف وزراء بشمول غلام مصطفیٰ کھر، جاوید جبار، این ڈی خان، مرحوم عبدالستار لالیکا کے ساتھ پبلک ریلیشن آفیسر (پی آر او) کے طور پر بھی کام کیا۔

بقیہ 23

کو اپنی آسان، موثر اور کم لاگت خصوصیات کے ساتھ سامان اور خدمات فراہم کرتا ہے، اور ہم باہمی تجارت کو فروغ دینے کیلئے اس کی لہر پر سوار ہونا چاہتے ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق سلک روڈ ای کامرس کو ایک نئے کاروباری ماڈل کے طور پر فروغ دینے کے اقدام کے طور پر پڈونگ، شنگھائی کی حکومت نے 14 دسمبر کو باضابطہ طور پر "پڈونگ نیو ایریا میں سلک روڈ ای کامرس کو آپریشن پائلٹ زون کی تعمیر کو آگے بڑھانے کے لئے ایکشن پلان" جاری کیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد دنیا بھر کے صارفین کو مصنوعات اور خدمات کی متنوع رینج پیش کرنے کے لئے سلک روڈ ای کامرس کی سہولت، کارکردگی اور لاگت کی تاثیر سے فائدہ اٹھانا ہے۔

بقیہ 24

کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب نے بتایا کہ آن لائن سسٹم سے شہریوں کو خاص سہولت، 01 لاکھ 5 ہزار سے زائد شہریوں نے بذریعہ آن لائن لائسنس حاصل کئے۔ ٹریفک پولیس کے دفاتر، خدمت مراکز، پولیس اسٹیشنز سے 68532 شہریوں نے لائسنس حاصل کئے۔ ان لائسنسوں میں لرنر، ریگولر، انٹرنیشنل اور تجدید سمیت ہر نوعیت کے لائسنس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کی شرح میں گزشتہ برسوں کی نسبت ہزاروں فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ لرنر لائسنس کی آن لائن تجدید کی سہولت سے ہزاروں شہری روزانہ گھر بیٹھے آن لائن تجدید کی سہولت سے مستفید ہورہے ہیں۔ مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ٹریفک پولیس دفاتر، خدمت مراکز سمیت تمام سنٹرز پر لائسنس کیلئے آنے والے شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائے۔

بقیہ 25

بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چیف انجینئر واٹر کارپوریشن کے مطابق متاثرہ لائن کی بحالی کا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کیا گیا ہے، متاثرہ لائن کا مرمتی کام آئندہ 24 گھنٹوں میں مکمل کرلیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کو پانی کی فراہمی متبادل لائنوں سے جاری ہے۔

بقیہ 26

جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ مچلکوں کی تصدیق کے بعد رہائی کی روبکار جاری کرے گی، شاہ محمود قریشی جیل حکام کو روبکار ملتے ہی رہا ہو جائیں گے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز (22 دسمبر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سائفر کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست منظور کرلی تھی۔ قائم مقام چیف جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں عدالت عظمیٰ کے 3 رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی تھی، بینچ میں جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ بینچ میں شامل تھے۔

بقیہ 27

زبیر بلوچ کو گرفتار کرلیا جبکہ مقدمے میں نامزد علی رضا گوپانگ کی تلاش شروع کردی گئی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مقدمے میں 57 تولے سونا جبکہ 3133 تولے چاندی چوری ہونے کا ذکر ہے۔ واضح رہے کہ حضرت لعل شہباز قلندر درگاہ سے ایک کروڑ روپے سے زائد کے سونے کی چوری کا انکشاف ہوا تھا۔ رپورٹ کے مطابق درگاہ لعل شہباز قلندر سے ایک ماہ میں ایک کروڑ 23 لاکھ 72 ہزار 863 روپے کا نذرانے میں دیا گیا سونا چوری کرلیا گیا تھا۔

بقیہ 28

دوران تمام شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ مسیحی برادری اور پوری قوم کے لیے ان تقریبات کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی تقریبات کو آسان بنانے اور تمام شرکا کے لیے ایک محفوظ ماحول پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس ٹریفک پلان کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے کے لیے، مڈ نائٹ ڈیوٹیز 24 اور 25 دسمبر کی درمیانی رات 113 افسران و ملازمان جبکہ دن میں 118 اضافی ٹریفک پولیس اہلکار اہم مقامات اور پر تعینات کیے جائیں گے۔ جبکہ 50 سے زائد ملازمان کو مختلف پارکوں میں تعینات کیا گیا ہے، خاص طور پر گرجا گھروں اور ان علاقوں کے اردگرد جہاں تقریبات منعقد ہونے والی ہیں۔ یہ افسران و ملازمان ٹریفک کا انتظام کرنے، پیدل چلنے والوں کی رہنمائی اور ضرورت کے مطابق مدد فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت موجود ہونگے۔ سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی عوام سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں تاکہ کرسمس کی تقریبات اور یوم قائد کی تقریبات میں شرکت کرنے والے تمام افرد کو پریشانی سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 29

کے 163 اہلکار تعینات۔ 5 شاہراہیں ون وے قرار، مال روڈ پر ٹریفک کے داخلہ پر مکمل پابندی عائد کرتے ہوئے سیاحوں کی سہولت اور رہنمائی کیلئے جناح ہال مری اور سنی بنک ٹریفک چوکی میں ٹریفک کنٹرول رومز قائم کردیئے گئے ہیں جبکہ سیاحوں کی سہولت کیلئے مری کے 12 مختلف مقامات پر سہولت سنٹرز بھی قائم کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی سید خرم علی کے احکامات اور سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایات روشنی میں اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کی زیر نگرانی ڈیوٹی آفیسر ٹریفک ہیڈ کوارٹر راولپنڈی نے موسم سرما) برفباری سیزن (کے حوالے سے مری ٹریفک پولیس کیلئے خصوصی ٹریفک پلان تشکیل دے دیا ہے تا کہ دور دراز سے آنیوالے سیاحوں کو برفباری سیزن کے دوران ہر ممکنہ ٹریفک سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ ٹریفک کی روانی کو احسن طریقے سے برقرار رکھنے اور سیاحوں کو ہر ممکنہ ٹریفک سہولیات فراہم کرنے کیلئے ٹریفک پولیس کے 163 ٹریفک اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

بقیہ 30

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے ہیروئن، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 12 اشتہاری مجرمان، چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 28 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، تھانہ مارگلہ پولیس نے تین ملزمان مقیم جان، محمد علی اور وقاص احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے پانچ لیٹر شراب، 120 گرام آئس اور ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے دو ملزمان زاہد اور اسد رحمٰن کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 524 گرام ہیروئن اور 1080 گرام چرس برآمد کرلی

بقیہ 31

نے خود ہی گہرا نالہ کھود ڈالا جس میں گندا پانی کھڑا ہونے سے ڈینگی مچھر بیماریاں اور بدبو پیدا ہورہی ہے اور حادثات کا خطرہ ہے، جبکہ بڑی گاڑیاں آنے پر ٹریفک بلاک ہوجاتی ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ علاقے میں عوام سے بھاری ٹیکسز کے علاوہ ہرسال مویشی منڈی سے لگ بھگ 100 ملین روپے وصول کرتا ہے لیکن ترقیاتی کاموں پر توجہ نہیں دی جا رہی۔ اسٹیشن کمانڈر اور ایگزیکٹو افسران علاقوں کا ازخود دورہ کرکے نئی سڑکیں اور سیوریج نظام کا جائزہ لیں۔ 22 نمبر چوک میں گڑھے اور بکرا منڈی دھمیال روڈ پر تجاوزات اور سڑکوں پر گاڑیوں موٹر سائیکلوں کی غلط پارکنگ پر ٹریفک اور کنٹونمنٹ حکام کو آپریشن کلین اپ کرنا چاہیے۔ ٹریفک حکام کو غیر ضروری گاڑیاں روک کر چالان کے ٹارگٹ دینے کی بجائے سڑکیں کلیئر اور ٹریفک فلو برقرار رکھنے کا ٹاسک دیا جائے۔

بقیہ 32

کر چکا ہے انتخابات 8 فروری 2024ء کو ہوں گے۔ ہفتہ کو یہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نگران حکومت آئینی عمل کی پیداوار ہے، ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نگران حکومت کی مدت میں توسیع کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں، پاکستان میں حکومت جو بھی ہو لیکن انتخابات کی تاریخ دینا، اس میں تبدیلی اور توسیع کرنے کا اختیار صرف الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس ہے۔ الیکشن کمیشن نے بہت واضح طریقے سے بتایا ہے کہ الیکشن جمعرات 8 فروری 2024ء کو ہوں گے، ابھی تک اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اس لئے انتخابات کی تاریخ پر کسی کو کوئی شک وشبہ نہیں ہونا چاہئے۔

بقیہ 33

نے کہا کہ لاہور پولیس نے رواں برس کے دوران 33 پروموشن بورڈ منعقد کرکے 04 ہزار اہلکاروں کو ترقی دی۔ ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ایس ایس پی ایڈمن لاہور عاطف نذیر، ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود اور اے آئی جی ایڈمن صاحبزادہ بلال عمر سمیت دیگر افسران بھی تقریب میں موجود تھے۔

بقیہ 34

ساتھ پریس کانفرنس میں کریں گے۔ ذرائع کے مطابق نور عالم خان 2024 کے عام انتخابات جمعیت علمائے اسلام کے ٹکٹ سے لڑیں گے۔ واضح رہے کہ نور عالم خان نے 2018 کے عام انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ٹکٹ سے حصہ لیا تھا۔ خیال رہے کہ نور عالم خان نے عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی بازگشت کے بعد تحریک انصاف سے علیحدگی اختیار کرلی تھی اور انہوں نے اس وقت کے پارٹی چیئرمین کی ہدایت کے باوجود قومی اسمبلی کی نشست سے استعفیٰ نہیں دیا تھا۔

بقیہ 35

کے 22 گواہان اڈیالہ جیل پہنچے۔ اس موقع پر سابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور شاہ محمود قریشی کو کمرہ عدالت میں لایا گیا جبکہ ملزمان کے اہلخانہ، وکلاء سمیت صحافیوں بھی سماعت میں موجود تھے۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کے روبرو اہم گواہوں اعظم خان اور اسد مجید نے اپنے بیانات قلمبند کروائے۔ سماعت کے دوران سیکرٹری وزارت داخلہ آفتاب احمد خان، سابقہ ایگزیکٹو مجسٹریٹ آویدار شاہ، اسسٹنٹ سائفر آپریشن نعمان اور سابق سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے بھی اپنے بیانات قلمبند کروائے۔ گواہوں کے بیان قلمبند ہونے کے دوران سابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان، شاہ محمود قریشی اور پی ٹی آئی وکلاء نوٹ لیتے رہے۔ قبل ازیں سماعت شروع ہونے سے قبل استغاثہ کے 22 گواہان اڈیالہ جیل پہنچے تھے، جن میں اعظم خان، سہیل محمود، اسد مجید، ہدایت اللہ، محمد اشفاق، عدالت اللہ باطنی، حبیب گوہر، نادر خان، شمعون عباس، فرخ عباس، ایوب چوہدری، آفتاب اکبر درانی، عدنان ارشد، شجاعت، افضل، جاوید، عبدالجبار، عبید ارشاد بھٹی، فیصل نیاز، نعمان اللہ، ساجد محمود اور محمد نعمان شامل ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سپریم کورٹ نے سائفر کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی ضمانت کا چار صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ جسٹس اطہر من اللہ نے فیصلے سے اتفاق کرتے ہوئے پانچ صفحات پر مشتمل علیحدہ نوٹ بھی لکھا۔

بقیہ 36

، مذہبی منافرت پر مبنی دہشت گردی میں غضنفر ندیم ماسٹر مائنڈ تھا۔ سی ٹی ڈی نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے گولا بارود اور اسلحہ قبضے میں لیا گیا، دہشت گرد فیصل آباد میں 11 بڑی کارروائیوں میں ملوث تھا، دہشت گرد نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش حملہ اور ایک ٹارگٹ کلنگ بھی کی۔

بقیہ 37

صوبے بھر میں 11 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق لاہور میں 8، ملتان، فیصل آباد اور اوکاڑہ میں ڈینگی کا ایک، ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت کے مطابق پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 19 مریض زیر علاج ہیں۔ ضلع لاہور کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 13 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 38

امیر افضل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں پاکستان کا وقار اور اعتماد بحال کرنے کیلئے ملک میں جمہوری قدروں کے تحت 8 فروری کو الیکشن کا انعقاد خوش آئند ہے۔ اس موقع پر انتخابات میں حصہ لینے والے تمام امیدواروں کو لیول پلیئنگ فیلڈ مہیا کرنا انتخابات کے شفاف' منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہونے کا عملی نمونہ پیش کریگا۔ انہوں نے سپریم کورٹ اور نگران حکومت کے الیکشن کروانے کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کیلئے جس ذمہ داری' رواداری اور عدم برداشت کی ضرورت ہوتی ہے سیاست دانوں کو اس کا عملی مظاہرہ کرنا چاہئے۔ ملک دشمن عناصر کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے پوری قوم متحد ہے۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ جیتنے سے پاکستان کی ترقی کی رفتار مزید تیز تر ہوجائیگی۔

بقیہ 39

بروز اتوار 7 جنوری کو ہونگے جس کے لیے چیئرمین بابر اورنگزیب چوہدری نے تین رکنی الیکشن بورڈ کا اعلان کیا جس میں سمیع اللہ ملک ایڈووکیٹ، ملک شرجیل لیاقت ایڈووکیٹ، ملک قیصر اعوان شامل ہیں کمیٹی نے الیکشن شیڈول جاری کردیا جسکے مطابق کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی تاریخ 25 اور 26 دسمبر کاغذات پر اعتراضات 28 دسمبر جبکہ اعتراضات پر سماعت و فیصلہ 30 دسمبر، کاغذات نامزدگی واپسی کی تاریخ 31 دسمبر امیدواروں کی حتمی فہرست یکم جنوری کو مرتب ہوگی جبکہ پولنگ 7 جنوری بروز اتوار کو راولپنڈی پریس کلب میں ہوگی

بقیہ 40

مرحلے میں تربیلا ڈیم کی نہریں 13 جنوری سے 31 جنوری تک بند رہیں گی۔ مہم کے دوران ڈویژن بھر کی 1250 میل نہروں سے بھل نکالی جائے گی۔ تمام آپریشن کو شفاف بنانے کے لیے مانیٹرنگ کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔

بقیہ 41

ظلم وستم کی انتہائی دلدوز خبریں آرہی ہیں۔ انہوں نے ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ فوجیوں نے پونچھ کے ایک گاؤں ٹوپی میں تلاشی کی کارروائی کے دوران 15 لوگوں کو حراست میں لیا جن میں سے تین کو بعد میں وحشیانہ تشدد کرکے شہید کردیا جبکہ باقی 12 لوگ انتہائی زخمی حالت میں اس وقت ہسپتالوں میں پڑے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے کہا کہ ایسی دل دہلا دینے والی ویڈیوز سامنے آئی ہیں جن میں بھارتی فوجیوں کو نوجوانوں کو نیچے لٹا کر ان کے زخموں پر مرچیں ڈالتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مقبوضہ علاقے کی ابتر صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کو ایک کھلی جیل میں تبدیل کر دیا گیا ہے، آئمہ مساجد، وکلا، صحافیوں سمیت ہزاروں لوگوں کو جیلوں میں ڈال دیا گیا ہے،

بقیہ 42

نے کہا کہ انہوں نے میرا گھر سیل کر کے مجھے گھر سے نکال دیا۔ دوسری جانب عثمان ڈار کی والدہ کے بیان پر خواجہ آصف نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ جن باتوں کی بنیاد اور صداقت نہیں مناسب نہیں ان باتوں کا بار بار جواب دوں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ میں ایک سیاسی ورکر ہوں اور میں ان باتوں پر یقین نہیں رکھتا، پہلے واقعہ پر میں نے میڈیا پر بڑے خلوص سے کہا تھا وہ میری بہن ہیں اور گھر جانے کے لیے تیار ہوں۔ (ن) لیگ کے رہنما نے کہا کہ اُس وقت ہماری حکومت تھی، میرا ان کے گھر جانا بنتا تھا، اُس وقت سوشل میڈیا پر عثمان ڈار نے کہا تھا ہمارے گھر آنے کی ضرورت نہیں، ایسے ایشو بنا کر سیاست نہیں کرنی چاہیے اور نہ میں ان چیزوں پر یقین رکھتا ہوں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اگر وہ چاہتے ہیں ناکردہ گناہ کی معافی مانگوں تو ویسے ہی ان سے معافی مانگ لیتا ہوں، سی سی ٹی وی سامنے لائیں، زیادتی ہوئی ہے تو میں ان کے ساتھ کھڑا ہوں۔

بقیہ 43

کوٹی ایچ کیو کا درجہ تو مل گیا مگر سہولیات بی ایچ یو سے بھی کم۔ سہولیات سے بالکل محروم ہوکر رہ گ ء ہے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ مسائل کی آماجگاہ بن کے رہ گیا۔ ادوایات کی کمی کیوجہ سے مریضوں کو ادوایات باہر مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہوگئے۔ سرجن ڈاکٹر بھی نہ ہونے کی وجہ سے ٹی ایچ کیو چوآ سیدن شاہ مسائل کا گڑھ بن کے رہ گیا۔ انتھسیز یا بے ہوشی والے ڈاکٹر کی ٹرانسفر سے غریب عوام کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگیا۔ گائنی وارڈ سمیت او ٹی۔ او پی ڈی اور دیگر شعبہ جات شدید متاثر۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں تحصیل بھر کے ہزاروں مریضوں کا ناقابل برداشت بوجھ اکیلے گائنا کالوجسٹ پہ۔ گائنی وارڈ بری طرح متاثر ہورہا ہے مریضوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ریفر کرنا ٹی ایچ کیو ہسپتال کے عملہ کا وطیرہ بن چکا ہے سڑکوں کی خستہ حالی اور طویل سفر سے مریضوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالی جارہی ہیں یہی وجہ ہے کہ اناڑی ایل ایچ وی نرسز نہ گلی گلی حاملہ خواتین کی زندگیوں کے ساتھ کھلواڑ کر رہی ہیں۔ عارضی انیتھسیز یا بے ہوشی والے ڈاکٹر صاحب اکیلا کیس لینے کو تیار نہیں۔

بقیہ 44

تمام معلومات ایپ میں شامل ہیں۔ ایپ میں حج گروپ کی معلومات، تربیتی شیڈول اور سعودی عرب میں رہائش کے معاملات بھی شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ عازمین حج ایپ کے ذریعے رقم کی ادائیگی اور حج مقامات کے لائیو نقشے اور لوکیشن سے آگاہ رہ سکیں گے۔

بقیہ 45

مارے جارہے ہیں، جس کی جتنی مزمت کی جائے کم ہے۔ راجہ ریاض نے بتایا کہ انہوں نے حلقہ این اے 104 سے کاغذات نامزدگی جمع کروائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پارٹی الیکشن کو اپنے لوگوں نے جعلی الیکشن قرار دیا، الیکشن کمیشن نے ان کا بلے کا نشان ختم کر دیا ہے اب وہ لوگ آزاد حیثیت سے الیکشن لڑیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کوئی کسی کو نہیں پکڑ رہا، این اے 104 میں 22 امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 23 اور 24 دسمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 23 دسمبر 2023ء صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، محفوظ شہید، اسلام آباد کلب ون، فلٹریشن پلانٹ، G-8، وحید آباد، سروس روڈ ایسٹ، تمیر، E-8 نیوی، G-10/2، کہتراڑ روڈ، H-8/2، محمد حسین، G-14/4، F-11/1، پی ایچ اے ون، ریحارہ، ای ایم پاک زونگ، گری، آئیسولیشن ہسپتال، سی بینک، سیسل، کوہالہ، پیر چوتالہ، پتریاٹہ، اپرٹوپہ، پیر سوہاوہ، طفیل شہید، چراہ، آئی ایس آئی، فراش ٹاؤن، کریا فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کٹاریاں، ہولی فیملی، صادق آباد، بینظیر بھٹو ہسپتال، مزمل ٹاؤن، کھنہ روڈ، سروس روڈ، گنگال، سیکٹر-4، اے پی ایچ ایس، اقبال روڈ-2، میجر مسعود، صرافہ بازار، بنی، منگفال، خیابان سرسید، جناح روڈ، ڈھوک حکمداد، عسکری الیون، ڈھوک چوہدریاں، نیورلیس کورس، ذیشان کالونی، آفیسر کالونی، بنچیال، I-14/3-I، موہن پورہ، F-17/1&2، ٹوگزی، منجیال، گلزار قائد، طہماسم آباد، ڈھوک حکمداد، اے پی ایچ ایس، سیکٹر-4، وی وی آئی پی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مال روڈ، جہانگیر روڈ، آر آئی سی، راولپنڈی-3، ایس پی ڈی ٹو، رحیم آباد، مکہ چوک، چکلالہ گیریژن، رحمت آباد ٹو، ریور گارڈن ٹو، موہرہ نگیال، ایم ایس ایف، سی این سی، ٹوپی پمپ، گلستان کالونی، نیشنل پارک، سکیم تھری، مری بریوری، اے او ڈبلیو ایچ ایس، ہمایوں روڈ، 502 ورکشاپ، مورت، یو سی لکھن، جھاورہ، چہان، آرسی آئی 1,2,3,4,5، ساگری، لہتراڑ ون، حنیف شہید، کے آر ایل، ایس ای پی ابرار، نیو چوآ، فضل احمد، غزن خان، حامد جھنگی، کلیام، کرنپ کسوال، سید کسراں، بھل، حنیف شہید، ابرار شہید، پنجر، خواجہ، نڑہ، کھوٹہ سٹیٹو، ایس پی ڈی ٹو، رحیم آباد، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلاں، لیب 1,2، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، اولڈ روات، نیو روات، سی ڈبلیو او، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سیاہ کو، آئی ایس ٹی فیڈرز، اٹک سرکل، گوری، مشتاق حسین، ہرو، وحدت کالونی، اے ڈبلیو ٹی ون، شائیہ، منیر آباد، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، راشد منہاس، حسن ابدال، کوہسار ویلی، ببرکھی، انڈسٹریل، حامد، مانسر، کامرہ رورل، واسا، اٹک رورل، اکھوڑی، نڑہ ٹوپہ، سٹی، عظیم شہید، مورت، پنڈ سلطانی، کھوڑ، کھنڈا، گل محمد، گنگن، امن پور فیڈرز، چکوال سرکل، بھون، ملت چوک، مرید، خیر پور، سرپاک، ادھی، ڈھڈیال سٹی، دھروگی راجگان، ملہال مغلاں، چکرال، رضوان ٹیکسٹائل، سرکال، چوآ سیدن شاہ، راول، کٹاس، للہ ٹاؤن، کے ایس مائنیز، جلال پور، بلکسر، لاوہ، دھرابی، تلہ گنگ سٹی، ڈھلر موگلہ، دھرمند فیڈرز، جہلم سرکل، اجمل شہید، ثناء اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، شکریلہ، کھوہار، F-6 مشین محلہ، F-9، چک دولت، بوریاں، F-2 چپ بورڈ، انڈسٹریل، F-10، کالا بیس، پکھوال، جاکر، سی او ڈی کالا، ہیملٹ، گداری، بگھوال، چک یم، نیو سنگھوئی، کرنل محمد اکرم، وارڈ نمبر 8، کوٹ دھمیک، مل اعوان، ٹھاکرہ، سموٹفیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، شاہین، E-8 نیوی، این ایچ کیو، سلوراوکس، این ڈی سی، این آئی سی، سنچرس ریذیڈینشل فلیٹ، این ایچ کیو ٹو، آر آئی سی، بینظیر بھٹو ہسپتال، چکلالہ گیریژن، گنگال، مکہ چوک، سیکٹر 4، ہمایوں روڈ، اے پی ایچ ایس، راولپنڈی-3، بوریاں، کرمالا، ثناء اللہ، پکھوال، عباس پورہ فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا 11:00 بجے تک پی اے ایف، المصطفیٰ ٹاور، E-7، F-8/3، کروٹائیل ہوٹل، ایئر یونیورسٹی، مدینہ مارکیٹ، عباسیہ مارکیٹ، سنٹورس شاپنگ مال فیڈرز، دن 11:00 بجے تا 01:00 بجے تک، جہانگیر روڈ، ایم ایس ایف، رحیم آباد، کھنہ روڈ، سی این سی، ایس پی ڈی ٹو، گلستان کالونی، ٹوپی پمپ، رحمت آباد ٹو، شاہین، E-8 نیوی، این ایچ کیو، سلوراوکس، این ڈی سی، این آئی سی سی ڈی اے ریذیڈینشل فلیٹس، این ایچ کیو ٹو، پی اے ایف، المصطفیٰ ٹاور، E-7، F-8/3، کروٹائیل ہوٹل، ایئر یونیورسٹی، مدینہ مارکیٹ، عباسیہ مارکیٹ، سنٹورس شاپنگ مال، F-8/2، F-8/، سٹیزن کلب، پی اے ایف ٹو، بحریہ یونیورسٹی پی اے ایف ہسپتال، فیڈرز،، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، سی ایم ایچ جہلم، جاکر، ثناء اللہ شہید، چپ بورڈ، کالا بیس، چک دولت، انڈسٹریل، پکھوال، بوریاں، سی او ڈی کالا فیڈرز، ، مورخہ 24 دسمبر 2023ء صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک راولپنڈی کینٹ سرکل، کشمیر روڈ، آدم جی روڈ، بوستان خان روڈ، سواں گارڈن ٹو، ماڈل ٹاؤن، نیشنل پارک، پنڈی بورڈ، مورگاہ فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، F-8/2، F-8، سٹیزن کلب، پی اے ایف ٹو، بحریہ یونیورسٹی، پی اے ایف ہسپتال، موونگ سٹی، موونگ پتن شیر خان، موونگ کچن، ، صبح 09:00 بجے تا 05:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، کنزیومر گرڈ اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 46

جمع درخواست کو منظور کرے۔ ہم عوام پاکستان عہدیداران کے ہمراہ پارٹی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل اختر زمان نے پریس کانفرنس میں کہا کہ رات کو جو فیصلہ آیا اس نے قانون کے سامنے ثابت کیا اس ملک میں آئین وقانون ہی سب کچھ ہے، ہمارا اس سے قبل انتخابی نشان تالہ تھا لیکن گوشوارے جمع نہ کرانے پر واپس لے لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم الیکشن کمیشن سے استدعا کرتے ہیں کہ ہمیں بلے کا انتخابی نشان الاٹ کیا جائے، بلا پی ٹی آئی کا ہے یہ غلط فہمی ہے، بانی پی ٹی آئی نے ترازو مانگا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں آئین کے تحت یہ حق ہے ہم نے کمیشن سے استدعا کر رکھی ہے، ہمیں الیکشن کمیشن پر پورا اعتماد ہے، ہماری بات سنی جائے۔

بقیہ 47

ان پر تنقید نہیں کرنا چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن میں 35 سال رہا، ان پر بھی تنقید نہیں کرنا چاہتا، کسی پر تنقید کر کے ووٹ نہیں لینا چاہتا میں اپنے کردار پر ووٹ لینا چاہتا ہوں۔ چوہدری نثار علی خان نے کہا کہ میرے اوپر کرپشن کا کوئی داغ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کا ماضی میں وزیر نہیں بلکہ علاقے کا وزیر بن کر آیا، میرے مخالفین منتیں کر کے لوگوں کو جلسے میں لاتے ہیں لیکن میں کسی پارٹی کی دم پکڑ کر نہیں جیتنا چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ کبھی خود پر داغ نہیں لگنے دیا نہ کرپشن کی، کسی پر تنقید کرکے ووٹ نہیں لینا چاہتا، مسلم لیگ سے میرا تعلق رہا مگر تنقید نہیں کروں گا۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان مشکل ترین دور سے گزر رہا ہے، معجزہ ہی پاکستان کو بچا سکتا ہے، اگر اسمبلی میں گیا تو اس معجزے کا حصہ ہوں گا۔

بقیہ 48

ہسپتال کوٹی ایچ کیو کا درجہ تو مل گیا مگر سہولیات بی ایچ یو سے بھی کم۔ سہولیات سے بالکل محروم ہوکر رہ گ ء ہے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ مسائل کی آماجگاہ بن کے رہ گیا۔ ادوایات کی کمی کیوجہ سے مریضوں کو ادوایات باہر مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہوگئے۔ سرجن ڈاکٹر بھی نہ ہونے کی وجہ سے ٹی ایچ کیو چوآ سیدن شاہ مسائل کا گڑھ بن کے رہ گیا۔ انتھسیز یا بے ہوشی والے ڈاکٹر کی ٹرانسفر سے غریب عوام کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگیا۔ گائنی وارڈ سمیت او ٹی۔ او پی ڈی اور دیگر شعبہ جات شدید متاثر۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں تحصیل بھر کے ہزاروں مریضوں کا ناقابل برداشت بوجھ اکیلے گائنا کالوجسٹ پہ۔ گائنی وارڈ بری طرح متاثر ہورہا ہے مریضوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ریفر کرنا ٹی ایچ کیو ہسپتال کے عملہ کا وطیرہ بن چکا ہے سڑکوں کی خستہ حالی اور طویل سفر سے مریضوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالی جارہی ہیں یہی وجہ ہے کہ اناڑی ایل ایچ وی نرسز نہ گلی گلی حاملہ خواتین کی زندگیوں کے ساتھ کھلواڑ کررہی ہیں۔ عارضی انیتھسیز یا بے ہوشی والے ڈاکٹر صاحب اکیلا کیس لینے کو تیار نہیں۔ بے ہوشی کا ڈاکٹر اس وقت تک ٹی ایچ کیو میں آنا گوارہ نہیں سمجھتے جب تک ان کو پانچ سے سات کیس ایک ہی وقت پر نہ دیے جائیں۔ ہسپتال میں ایکسرے فلم نہ ہونے کیوجہ سے ایکسرے مشین کا کام بھی ٹھپ ہونے کے ساتھ مریض خوار ہو رہے ہیں شعبہ حادثات بری طرح متاثر ہو رہا ہے ڈاکٹر حضرات لانگ لیو پہ چلے جاتے ہیں اور ان کے متبادل نہ ہونے کیوجہ سے غریب عوام دربدر کی ٹھوکریں کھارہے ہوتے ہیں چوآ سیدن شاہ کی غریب عوام نے سیکرٹری محکمہ ہیلتھ پنجاب کمشنر راولپنڈی۔ ڈی سی چکوال قراۃ العین ملک اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ نادیہ پروین سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں سہولیات کے فقدان ۔میڈیکل عملہ کی کمی اور ادوایات کی کمی جیسے مسائل پر کنٹرول کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں

بقیہ 49

کے دوران لودھراں میں انتخابی مہم سمیت دیگر اہم پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سربراہ آئی پی پی نے پارٹی رہنماؤں کو انتخابی مہم تیز کرنے کی ہدایت کردی، انہوں نے کہا کہ اہلیان لودھراں کی محبتوں کا مقروض ہوں، لودھراں میں ترقی کے نئے دور کا آغاز کریں گے۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ گزشتہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے باعث کسان مشکلات کا شکار ہیں، انشاءاللہ اقتدار میں آ کر زرعی انقلاب کی راہ ہموار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسان خوشحال ہوگا تو ملک خوشحال ہوگا، کاشتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، معیشت، صحت وتعلیم کے شعبوں میں بھی انقلابی اقدامات اٹھائیں گے۔

بقیہ 50

الیکشن کمیشن کا فیصلہ ناقص، غیر قانونی، متعصبانہ ہے، یہ فیصلہ انتخابات کی شفافیت پر سنگین حملہ ہے۔ ترجمان پی ٹی آئی کے مطابق الیکشن کمیشن نے لندن پلان کے آخری حصے کو نافذ کرنے کی جانب قدم اٹھایا ہے، الیکشن کمیشن کے فیصلے کو اعلیٰ عدالت میں چیلنج کریں گے، پی ٹی آئی بلے کے نشان کے ساتھ انتخاب لڑے گی اور تاریخی کامیابی حاصل کرے گی۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ الیکشن کمیشن پر ہمارے تحفظات ہیں، آئین کی کون سی شق کی خلاف ورزی کی ہے۔ بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہمارا انتخابی نشان واپس لینے کا تہیہ کر رکھا تھا، صرف ہماری پارٹی کا الیکشن دیکھا گیا باقی پارٹیوں کو چھوڑا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جون 2022 کو پارٹی الیکشن ہوئے، الیکشن کمیشن نے اس کو بھی قبول نہیں کیا، الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ جائیں گے، الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کریں گے۔ اس کے علاوہ ترجمان پی ٹی آئی معظم بٹ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف کل عدالت سے رجوع کیا جائیگا، پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کو کالعدم قرار دینے کا فیصلہ بدنیتی پر مبنی ہے، الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل کی توہین کی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی سے کہا تھا کہ وہ اپنے انٹرا پارٹی الیکشن دوبارہ کرائے۔ پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی الیکشن کرائے جن میں گوہر خان کو بلا مقابلہ چیئرمین منتخب کیا گیا۔ تاہم پاکستان تحریک انصاف کے بانی رکن اکبر ایس بابر نے الیکشن کمیشن میں درخواست دائر کی کہ پی ٹی آئی کے الیکشن اس کے آئین کے مطابق نہیں ہوئے۔ یہ کیس الیکشن کمیشن میں چلا اور پھر پشاور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو فیصلے سے روکا لیکن پھر آج یعنی جمعے کے دن فیصلے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ 51

کی تحقیقات ایک انسپکٹر سطح کے افسر سے کرائی گئی۔ عدالت عالیہ نے تحریری فیصلے میں کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے بھی بعد میں تحقیقات میں انسپکٹر کے ساتھ رہے مگر سارا کام انسپکٹر نے کیا۔ کیس کی تحقیقات روایتی طریقے سے کی گئی اس میں کوئی پروفیشنلزم نظر نہیں آیا۔ جسٹس عمر سیال نے تحریری فیصلے میں کہا کہ ایف آئی اے کے مطابق گستاخانہ مواد کا واٹس ایپ گروپ نامعلوم مقام سے چلا جارہا تھا۔ عدالت نے ملزم سمیع اللہ کی ضمانت 22 نومبر کو منظور کی تھی۔ ملزم کیخلاف حافظ احتشام نے مقدمہ درج کرایا تھا۔

بقیہ 52

عاشق اعوان کا کہنا ہے کہ کھیل کے اصولوں کے مطابق بیٹ کے بغیر بیٹسمین کریز پر کھڑا ہی نہیں ہوسکتا، پی ٹی آئی کو چاہیے کہ اب بھی اپنا قبلہ درست کرلے۔ ان کا کہنا ہے کہ اداروں کو ماتحت بنانے کے بجائے اداروں کے ساتھ رہ کر سیاست کریں، وکلا کے ایک ٹولے نے پی ٹی آئی کو یرغمال بنایا ہوا ہے۔

بقیہ 53

سواتی نے کہا کہ اگر میری جماعت نے مجھے ٹکٹ دیا تو میں نواز شریف کا مقابلہ کروں گا اور مانسہرہ کی غیور عوام، مائیں بہنیں اور بھائی 8 فروری کو مجھے اور تحریک انصاف کو جتوا کر اپنا پیغام دیں گے۔

بقیہ 54

گئے ہیں، تا کہ تلاشی کو موثر بنایا جا سکے، عوامی مقامات اور تفریحی جگہوں پر بھی سکیورٹی مزید سخت کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز ملک جمیل ظفر نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کرسمس کے موقع پر ایک جامع سکیورٹی پروگرام ترتیب دے دیا، انہوں نے پولیس افسران سے کہا کہ وہ اپنے علاقوں میں مسیحی عبادتگاہوں کی سکیورٹی کو موثر بنانے کے لیے تمام تر ضروری اقدامات بروئے کار لائیں، مختلف مقامات پر تلاشی کے لیے ناکہ بندی پوائنٹ قائم کیے جائیں اور سخت تلاشی کی جائے، پروگرام منتظمین سے مکمل رابطہ رکھا جائے اور وقت کی پابندی کو یقینی بنا یا جائے، کار پارکنگ کا معقول انتظام کیا جائے

رینج روڈ مصریال روڈ 22 نمبر چوک تا ڈھمیال سڑکیں تباہی کا شکار ہوگئیں

ناقص سیوریج نظام، تجاوزات کے آگے حکام بے بس، سڑکوں پر گاڑیوں موٹر سائیکلوں کی غلط پارکنگ کیخلاف آپریشن کی ضرورت ہے، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے اہم گنجان آباد علاقوں کی تباہ حال سڑکوں اور ناقص سیوریج نظام کے باعث مکینوں کا رہنا اور سڑکوں پر سفر کرنا عذاب بن چکا ہے۔ رینج روڈ، مصریال روڈ اور 22 نمبر سے ڈھمیال روڈ کے علاقوں کی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ کبھی کبھار کسی جگہ پر پیچ ورک کیا گیا مگر ناقص میٹریل اور عدم احتساب کی وجہ سے کچھ ہفتوں میں یہ سڑکیں پہلے سے بدترین حالت اختیار کر چکی ہیں۔ مذکورہ رش والے علاقوں کی سڑکوں کا بیشتر حصہ کھنڈر بن چکا ہے مگر بدقسمتی سے کینٹ ایریا کی شہری آبادیوں کی خستہ حال سڑکوں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور شاید ہی کوئی سڑک اس وقت پائیدار حالت میں موجود ہو۔ شہریوں کے مطابق مصریال روڈ اور رینج روڈ کے ساتھ نکاسی آب کا نظام ناقص ہے۔ کئی مقامات پر نالوں کا پانی سڑکوں پر آ جاتا ہے جس سے سڑکیں تباہ ہونے کے ساتھ راہگیروں کا گزرنا محال ہے۔ بھاٹہ چوک کے قریب نکاسی آب نہ ہونے اور سڑک کے گڑھوں میں ہر وقت کھڑے پانی سے تنگ آ کر شہریوں (بقیہ نمبر 31)

اے ایس آئی رینک پر ترقی پانے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب

لاہور (این این آئی) سنٹرل پولیس آفس میں ہیڈ کانسٹیبل سے اے ایس آئی رینک پر ترقی پانے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے لاہور پولیس کے 50 اے ایس آئیز کو نئے عہدے کے رینک لگائے۔ ترقی پانے والوں میں لاہور پولیس کے مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والے اے ایس آئیز شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب (بقیہ نمبر 33)

کرسمس کے موقع پر جامع سیکورٹی پروگرام ترتیب دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کرسمس کے موقع پر جامع سیکورٹی پروگرام ترتیب دے دیا گیا جس کے تحت اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے 1500 سے زائد افسران و جوانوں کے ساتھ پاکستان رینجر کے جوان بھی اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی معاونت کریں گے، مسیحی عبادتگاہوں کے اردگرد خصوصی تلاشی اور ناکہ بندی پوائنٹ قائم کیے (بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، ڈیوٹی پر مامور اہلکار کو سانپ نے ڈس لیا

اسلام آباد (این این آئی) دارالحکومت اسلام آباد میں ڈیوٹی پر مامور اہلکار کو سانپ نے ڈس لیا۔ ذرائع کے مطابق ڈپلومیٹک انکلیو کے قریب ڈیوٹی پر مامور ذیشان نامی اہلکار کو سانپ نے ڈسا، جس کے بعد اسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد پولیس کانسٹیبل کے ساتھ سانپ ڈسنے کا واقعہ نیو فائرنگ رینج ایریا میں پیش آیا۔

ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے، مرتضیٰ سولنگی

آئین کی تمہید میں لکھا ہے یہ ملک منتخب نمائندے چلائیں گے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ ملک کا مستقبل آئین اور جمہوریت سے وابستہ ہے، آئین کی تمہید میں لکھا ہے کہ یہ ملک اس کے منتخب نمائندے چلائیں گے، انتخابات کی تاریخ دینا، اس میں تبدیلی یا توسیع کا اختیار صرف الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس ہے، الیکشن کمیشن واضح (بقیہ نمبر 32)

چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ افتخار علی سہو لاہور سفاری زو کا دورہ کر رہے ہیں

نور عالم خان کا جے یو آئی میں شمولیت کا فیصلہ

نور عالم خان 2024 کے عام انتخابات جمعیت علمائے اسلام کے ٹکٹ سے لڑیں گے

پشاور (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی نور عالم خان نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی ایف) شامل ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کے سابق چیئرمین نور عالم خان جے یو آئی میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان مولانا عطا الرحمٰن کے (بقیہ نمبر 34)

سائفر کیس، اعظم خان اور اسد مجید سمیت اہم گواہوں کے بیان قلمبند

جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے سائفر کیس کا اڈیالہ جیل میں اوپن ٹرائل کیا

راولپنڈی (این این آئی) آفیشل سیکریٹ ایکٹ خصوصی عدالت کی اڈیالہ جیل میں سائفر کیس میں سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان اور سابق سیکرٹری خارجہ اسد مجید سمیت کئی اہم گواہوں نے اپنے بیانات قلمبند کروا دیے۔ نجی ٹی وی کے مطابق اڈیالہ جیل میں جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے سائفر کیس کا اڈیالہ جیل میں اوپن ٹرائل کیا، استغاثہ (بقیہ نمبر 35)

سیکرٹری لیبر وانسانی وسائل پنجاب نعیم غوث کو لاہور چیمبر آف کامرس کے دورے کے موقع پر سینئر نائب صدر ظفر محمود چوہدری سووینئر پیش کر رہے ہیں

چنیوٹ: 50 افراد کا قاتل ساتھی سمیت ہلاک کر دیا گیا

انٹیلی جنس اطلاع پر کارروائی چنیوٹ کے علاقے میں کی گئی، دہشت گرد غضنفر ندیم کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے تھی

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے گولا بارود اور اسلحہ قبضے میں لیا گیا، دہشتگرد فیصل آباد میں 11 بڑی کارروائیوں میں ملوث تھا

چنیوٹ (بیورو چیف) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے 50 افراد کے قاتل کو ساتھی سمیت چنیوٹ میں مقابلے میں ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق انٹیلی جنس اطلاع پر کارروائی چنیوٹ کے علاقے میں کی گئی، دہشت گرد غضنفر ندیم کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے تھی۔ حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گرد غضنفر ندیم فیصل آباد میں حساس ادارے کے دفتر پر حملے میں بھی ملوث تھا (بقیہ نمبر 36)

ڈینگی وائرس ایک اور قیمتی زندگی نگل گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں ڈینگی وائرس ایک اور قیمتی زندگی نگل گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ڈینگی بخار میں مبتلا 25 سالہ احد خان ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ علاوہ ازیں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران (بقیہ نمبر 37)

سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری کا دورہ قصور

قصور (این این آئی) صوبائی سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری کا دورہ قصور، مزار بابا بلھے شاہؒ پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی اور مزار پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر منیجر اوقاف و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ دورہ کے موقع پر صوبائی سیکرٹری اوقاف کو جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

آر جے مال میں آگ کتنے بجے کہاں اور کیسے لگی؟ فوٹیج سامنے آ گئی

چوتھی منزل پر لگنے والی آگ نے دوسری منزل پر موجود فوڈ کورٹ کو کیسے مکمل جلا دیا

کراچی (این این آئی) آر جے مال میں آگ کتنے بجے کہاں اور کیسے لگی؟ چوتھی منزل پر لگنے والی آگ نے دوسری منزل پر موجود فوڈ کورٹ کو کیسے مکمل جلا دیا، سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے راشد منہاس روڈ پر واقع آر جے مال میں آگ چوتھی منزل کے ٹی بار میں 6 بجکر 12 منٹ پر لگی تھی، فوٹیج میں 6 بجکر 12 منٹ 40 سیکنڈ پر اسپارک دیکھا جا سکتا ہے۔ فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ 6 بجکر 17 منٹ پر چوتھی منزل پر آگ میں شدت آ چکی تھی، چوتھی منزل پر فالس سیلنگ میں مکمل طور پر آگ لگ چکی تھی۔

لاہور سے گوانگڑو کے لیے پروازیں دوبارہ شروع ہو گئیں

فلائٹ آپریشن ہفتے میں تین دن پیر، بدھ اور ہفتہ کو جاری رہے گا

لاہور (این این آئی) ایشیا کی سب سے بڑی ایئر لائن چائنا سدرن ایئر لائنز نے 27 فروری 2019 سے معطلی کے بعد لاہور سے گوانگڑو کے لیے پروازوں کا دوبارہ آغاز کر دیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق طیارہ بوئنگ کی پرواز نمبر سی زیڈ 6037 وانگڑو سے اڑان بھر کر لاہور ایئرپورٹ پر اتری اور ہوائی جہاز کی پرواز نمبر سی زیڈ 6038 نے لاہور سے اڑان بھری اور 20 دسمبر کو گوانگڑو پہنچی۔ چائنا سدرن ایئر لائنز کے ایک عہدیدار نے گوادر پرو کو بتایا کہ مکمل طور پر بھری ہوئی پروازیں مسافروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کی نشاندہی کرتی ہیں۔

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza

وزیر اطلاعات ڈویلپمنٹ پنجاب عامر میر سندس فاؤنڈیشن تھیلیسیمیا سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما چوہدری امیر افضل این اے 53، پی پی 10 کا الیکشن لڑینگے

قوم ملک دشمن عناصر کی سازشیں ناکام بنانے کیلئے متحد ہے، ضلعی جنرل سیکرٹری کا اجتماع سے خطاب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پاکستان تحریک انصاف ضلع راولپنڈی کے جنرل سیکرٹری اور علاقہ چونترہ، چک بیلی خان اور ملحقہ تمام یونین کونسلوں کے سیاسی، سماجی اور ہردلعزیز رہنما چوہدری محمد امیر افضل نے حلقہ این اے 53 اور حلقہ پی پی 10 کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیئے۔ اس موقع پر عوام علاقہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ چوہدری (بقیہ نمبر 38)

پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات 7 جنوری کو ہونگے

چیئرمین بابر اورنگزیب چوہدری نے تین رکنی الیکشن بورڈ کا اعلان کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 7 جنوری کو ہونگے۔ انتخابات راولپنڈی پریس کلب میں منعقد ہونگے۔ چیئرمین پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن بابر اورنگزیب چوہدری نے تین رکنی الیکشن بورڈ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ینگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات سال 2024 (بقیہ نمبر 39)

پی ایچ اے لاہور کی جانب سے فیصل چوک میں فوارے کے اطراف میں خوبصورتی کیلئے گل داؤدی پھولوں کے گملے رکھے گئے ہیں

لاہور، بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر 21 ہزار 530 مقدمات درج

بغیر لائسنس گاڑی، موٹر سائیکل چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور عمارہ اطہر نے بغیر لائسنس اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ بغیر لائسنس گاڑی، موٹر سائیکل چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، کم عمر بچوں کو گاڑی، موٹر سائیکل دینے والے بھی کسی معافی کے مستحق نہیں۔ عمارہ اطہر نے بتایا کہ بغیر لائسنس گاڑی، موٹر سائیکل چلانے پر 21 ہزار 530 مقدمات درج، گاڑیاں تھانوں میں بند کی گئیں، بغیر لائسنس کار ڈرائیونگ پر 02 ہزار 727 جبکہ بغیر موٹر سائیکل چلانے پر 18 ہزار 757 مقدمات درج کیے گئے، کم عمر ڈرائیونگ پر 09 ہزار 682 مقدمات درج، گاڑیوں سمیت تھانوں میں بند کی گئیں۔

تربیلا ڈیم کی نہریں 13 جنوری سے 31 جنوری تک بند رہیں گی

26 دسمبر سے شروع ہونے والی بھل صفائی مہم کے حوالے سے اپنی تیاریوں سے آگاہ کیا

سپرنٹنڈنٹ انجینئر انہار مرزا اویس بیگ سے ڈپٹی ڈائریکٹر معدنیات فاروق سلطان کی ملاقات

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) سپرنٹنڈنٹ انجینئر انہار مرزا اویس بیگ سے ڈپٹی ڈائریکٹر معدنیات فاروق سلطان نے ان سے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر 26 دسمبر سے شروع ہونے والی بھل صفائی مہم کے حوالے سے اپنی تیاریوں سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین انہار محمد عرفان بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ ڈویژن بھر کی 218 نہروں کی بھل صفائی کا آغاز 26 دسمبر سے کیا جا رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں منگلا ڈیم کی نہریں 26 دسمبر سے 13 جنوری تک بند رہیں گی جبکہ دوسرے (بقیہ نمبر 40)

سرگودھا، سپرنٹنڈنٹ انجینئر انہار مرزا اویس بیگ سے ڈپٹی ڈائریکٹر معدنیات فاروق سلطان ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی فوجیوں نے کشمیریوں کا جینا حرام کر رکھا ہے، محبوبہ مفتی

بھارتی فوجیوں کی زیر حراست تین نوجوانوں کے قتل پر اظہار تشویش

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی سربراہ محبوبہ مفتی نے بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں جموں خطے کے ضلع پونچھ میں تین شہریوں کے زیر حراست قتل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی فوجیوں نے کشمیریوں کا جینا حرام کر رکھا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محبوبہ مفتی نے سرینگر میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع پونچھ میں ایک حملے میں پانچ بھارتی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد علاقے میں لوگوں پر فوجیوں کے (بقیہ نمبر 41)

محنت کش بادامی باغ سبزی منڈی میں آلو کی وزنی بوریاں کندھے پر اٹھا کر لے جا رہا ہے

ہراساں کرنے کا فائدہ خواجہ آصف کو تھا، والدہ عثمان ڈار

جن باتوں کی بنیاد اور صداقت نہیں مناسب نہیں ان باتوں کا بار بار جواب دوں، خواجہ آصف

سیالکوٹ (این این آئی) تحریک انصاف کے سابق رہنما عثمان ڈار کی والدہ نے کہا ہے کہ میرے گھر پر توڑ پھوڑ اور ہراساں کرنے کا فائدہ خواجہ آصف کو تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عثمان ڈار کی والدہ نے کہا کہ یہ عوام کے سامنے معافی مانگ کر صرف عوام کو گمراہ کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ کے رہنما خواجہ آصف میرے گھر آتے تو معاف کر دیتی کیونکہ اللہ معاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ عثمان ڈار کی والدہ (بقیہ نمبر 42)

912 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد، 4 خواتین سمیت 10 ملزمان گرفتار

انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کی جانب سے منشیات سمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے 10 کارروائیوں میں 912 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر کے 4 خواتین سمیت 10 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ترجمان کے مطابق لاہور ایئرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے مسافر کے پیٹ سے 58 آئس بھرے کیپسول برآمد کر کے گرفتار کیا گیا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں سہولیات کا فقدان

ادویات نایاب

ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں آئے روز ضلعی سطح کے ساتھ ساتھ لوکل سطح پہ بھی اعلیٰ افسران وزٹس کرتے ہیں

ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں تحصیل بھر کے ہزاروں مریضوں کا ناقابل برداشت بوجھ اکیلے گائناکالوجسٹ پر ہے

چکوال (خاور شہزاد) غریب عوام کہہ رہی ہے سب اوکے نہیں ہے تحصیل چوآ سیدن شاہ میں بعض سیاست دانوں نے مال مفت دل بے رحم کے فلسفے پر عمل کیا تو چند ڈاکٹرز نے بھی بیوروکریسی تو کہیں سیاستدانوں کے منظور نظر ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا استحصال کیا۔ کروڑوں روپے کی لاگت سے کھڑے ہونے والی بلڈنگ صرف ڈھانچہ بن کے رہ گ ء ہے ہسپتال (بقیہ نمبر 43)

غزہ میں اسرائیلی بمباری سے ہونے والی تباہی کے مناظر

پاکستان میں حج موبائل ایپ کا اجرا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان میں حج آپریشن ڈیجیٹلائز کر دیا گیا اور اس حوالے سے وزارت آئی ٹی نے ایپلیکیشن بنالی ہے۔ نگراں وزیر آئی ٹی عمر سیف اور وزیر مذہبی امور انیق احمد نے موبائل ایپلی کیشن کا اجرا کیا۔ پاک حج موبائل ایپ نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے تیار کی ہے جس سے عازمین حج کے لیے تمام معلومات باآسانی دستیاب ہوں گی۔ عمر سیف کا کہنا ہے کہ عازمین حج کی درخواست، مناسک حج کی ادائیگی اور واپسی تک (بقیہ نمبر 44)

عمران خان کے سسر نے فلسطینیوں پر بم مارنے کیلئے 2 ارب ڈالر دیئے، راجہ ریاض

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق قائد حزب اختلاف راجہ ریاض احمد نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کے سسر نے فلسطینیوں پر بم مارنے کیلئے 2 ارب ڈالر دیے ہیں۔ کاغذات نامزدگی جمع کروانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ ریاض نے کہا کہ سب سے پہلے عمران خان کے سسر کی کمپنی نے دو ارب ڈالر دیے ہیں، ان پیسوں سے فلسطین پر بم (بقیہ نمبر 45)

ہم عوام پاکستان پارٹی نے بلے کا نشان مانگ لیا

الیکشن کمیشن ہماری پہلے سے جمع درخواست کو منظور کرے، اختر زمان

اسلام آباد (این این آئی) ہم عوام پاکستان پارٹی نے عام انتخابات کے لیے بلے کا انتخابی نشان مانگ لیا، پارٹی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل احمر زمان خان کے مطابق ہماری پارٹی نے بلے کا انتخابی نشان پہلے مانگا تھا ہمیں ملنا چاہیے، الیکشن کمیشن ہماری پہلے سے (بقیہ نمبر 46)

چوہدری نثار کا بانی پی ٹی آئی اور ن لیگی قیادت پر تنقید سے گریز

مسلم لیگ (ن) میں 35 سال رہا، بانی پی ٹی آئی میرے دوست ہیں، تنقید نہیں کرنا چاہتا

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ اور سینئر سیاستدان چوہدری نثار علی خان نے بانی تحریک انصاف اور ن لیگی قیادت پر تنقید کرنے سے گریز کیا ہے۔ دھمیال میں جلسے سے خطاب میں چوہدری نثار علی خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی میرے دوست ہیں میں (بقیہ نمبر 47)

انتظامیہ کی کارکردگی صرف سوشل میڈیا پر فوٹو سیشن تک محدود

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں سہولیات کا فقدان۔ ادویات نایاب۔ ڈاکٹرز کی بھی شدید کمی مریض خوار

وزیر اطلاعات وثقافت عامر میر سندس فاؤنڈیشن لاہور سنٹر میں مسیحی بچوں میں عیدی تقسیم کر رہے ہیں

چکوال (خاور شہزاد) ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں آئے روز ضلعی سطح کے ساتھ ساتھ لوکل سطح پہ بھی اعلیٰ افسران وزٹس کرتے ہیں اور اوپر رپورٹ دی جاتی ہے سب اوکے ہے جبکہ زمینی حقائق کسی اور طرف ہی اشارہ کر رہے ہیں غریب عوام کہہ رہی ہے سب اوکے نہیں ہے تحصیل چوآ سیدن شاہ میں بعض سیاست دانوں نے مال مفت دل بے رحم کے فلسفے پر عمل کیا تو چند ڈاکٹرز نے بھی بیوروکریسی تو کہیں سیاستدانوں کے منظور نظر ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا استحصال کیا۔ کروڑوں روپے کی لاگت سے کھڑے ہونے والی بلڈنگ صرف ڈھانچہ بن کے رہ گ ء ہے (بقیہ نمبر 48)

جہانگیر ترین کی پارٹی رہنماؤں کو انتخابی مہم تیز کرنے کی ہدایت

معیشت، صحت و تعلیم کے شعبوں میں انقلابی اقدامات اٹھائیں گے

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سربراہ جہانگیر خان ترین کے ساتھ لودھراں سے پارٹی رہنماؤں نے ملاقات کی۔ جہانگیر ترین سے ملاقات کرنے والوں میں رانا ارسلان خان، صدیق ارائیں، شیخ منور اور رانا جاوید ٹھاکر شامل تھے، ملاقات (بقیہ نمبر 49)

جدہ جانے والی پی آئی اے کی پرواز 10 گھنٹے تاخیر کا شکار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانے والی پی آئی اے کی پرواز 10 گھنٹے تاخیر کا شکار ہو گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی آئی اے کی پرواز نمبر 731 کے 393 مسافر ایئرپورٹ پر پھنسے ہوئے ہیں اور تاحال عمرے کے لیے جدہ روانہ نہ ہو سکے۔ پرواز میں تاخیر کے سبب پریشان حال عمرہ زائرین نے کہا کہ پی آئی اے حکام کی جانب سے پرواز کی روانگی کے حوالے سے کوئی اطلاع نہیں دی جا رہی۔

معزز عدالتوں نے قتل کے مقدمات میں نامزد مجرمان کو سزائیں سنا دیں

مجرمان کو سزائے موت، عمر قید اور 06 لاکھ روپے ہرجانے کی سزائیں سنائیں گئیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث معزز عدالتوں نے قتل کے مقدمات میں نامزد مجرمان کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو سزائے موت، عمر قید اور 06 لاکھ روپے ہرجانے کی سزائیں سنائیں گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت کے جج نے دوہرے قتل کے مقدمہ میں نامزد مجرم عقیل کمال کو 02 بار سزائے موت اور 05 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی،

مسلم لیگ ن کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب اور عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ایف آئی اے اور حساس ادارے نیشنل سیکورٹی اور منظم جرائم میں ملوث عناصر پر نظر رکھیں، سندھ ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے گستاخانہ مواد کی تشہیر سے متعلق مقدمے میں ملزم سمیع اللہ کی درخواست ضمانت کا تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف آئی اے اور حساس ادارے نیشنل سیکورٹی اور منظم جرائم میں ملوث عناصر پر نظر رکھیں۔ گستاخانہ مواد کے کیسز کی تحقیقات ایس پی سطح کا افسر ہی کر سکتا ہے۔ لیکن ملزم سمیع اللہ کے کیس (بقیہ نمبر 51)

الیکشن کا بائیکاٹ نہیں کرینگے، ہائیکورٹ جائیں گے، پی ٹی آئی کا اعلان

پارٹی آئین کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے پر پاکستان تحریک انصاف سے بلے کا انتخابی نشان واپس لے لیا گیا

الیکشن کمیشن کا فیصلہ ناقص، غیر قانونی، متعصبانہ ہے، یہ فیصلہ انتخابات کی شفافیت پر سنگین حملہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے بلے کا نشان واپس لینے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ پارٹی آئین کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے پر پاکستان تحریک انصاف سے بلے کا انتخابی نشان واپس لے لیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 5 رکنی کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کا فیصلہ سنا دیا۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی نے اپنے انتخابات پارٹی آئین کے مطابق نہیں کروائے جس کے بعد پی ٹی آئی بلے کے نشان کی اہل نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد بیرسٹر گوہر علی چیئرمین پی ٹی آئی نہیں رہے۔ تاہم پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ ترجمان تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 50)

پی ٹی آئی کا انتخابی نشان ''بلا'' فی امان اللہ ہو گیا ہے، فردوس عاشق اعوان

بیٹ کے بغیر بیٹسمین کریز پر کھڑا ہی نہیں ہو سکتا، پی ٹی آئی اپنا قبلہ درست کر لے

اہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا انتخابی نشان ''بلا'' فی امان اللہ ہو گیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی 26 سال بعد اپنے پارٹی انتخابی نشان سے محروم ہو گئی اور انتخابی نشان کے بغیر انتخابی میدان میں اترنا ناممکن ہے۔ فردوس (بقیہ نمبر 52)

روپوش اعظم سواتی کا نواز شریف کے مقابلے میں الیکشن لڑنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے روپوش رہنما سینیٹر اعظم خان سواتی نے آئندہ برس 8 فروری کو ہونے والے انتخابات میں مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کے مقابلے میں الیکشن لڑنے کا اعلان کیا ہے۔ سینیٹر اعظم خان سواتی کی ایک ویڈیو پاکستان تحریک انصاف کے سوشل میڈیا پیج پر جاری کی گئی ہے جس میں اعظم سواتی مانسہرہ سے قومی اسمبلی کے حلقے میں نواز شریف کے مدمقابل الیکشن لڑنے کی خواہش کا اظہار کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے سابق وزیر اعظم پر کرپشن اور ملکی دولت لوٹ کر بیرون ملک جائیدادیں بنانے کے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف نے این اے 15 مانسہرہ سے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں۔ اعظم (بقیہ نمبر 53)

Voicing for Dignified Workpla

پاکستان ٹریڈ یونین فیڈریشن کی جنرل سیکرٹری روبینہ جمیل گلوکاروں میں ایوارڈ تقسیم کر رہی ہیں

شیر افضل مروت کا پشاور سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما شیر افضل مروت نے پشاور سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کر لیا۔ ایک بیان میں شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پشاور کے حلقہ این اے 32 سے الیکشن لڑوں گا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے لیے میرے وکیل نے کاغذات نامزدگی جمع کرا دیے ہیں۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ انتخابات میں جیت پی ٹی آئی کی ہی ہو گی۔

آرگنائزڈ کرائم یونٹ چوہنگ کی کارروائی، 3 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ، ڈکیتی اور راہزنی جیسی درجنوں وارداتوں کا انکشاف

لاہور (این این آئی) آرگنائزڈ کرائم یونٹ چوہنگ کا ڈکیت گینگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 3 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا۔ ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ چوہنگ فاروق اصغر اعوان نے بتایا کہ ملزمان میں سرغنہ شاہ زیب عرف زیبی، محمد امجد اور محمد رمضان شامل ہیں جن سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فونز اور ناجائز اسلحہ برآمد ہوا۔ ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ڈکیتی اور راہزنی جیسی درجنوں وارداتوں کا انکشاف، مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزمان پوش علاقہ میں گن پوائنٹ پر ڈکیتی کی واردات کر کے لوگوں کا قیمتی مال لوٹ کر فرار ہو جاتے۔